یوتھ
انٹرنیشنل
لاہور
پاکستان

پاک امارات دوستی کا لازوال سفر

WE WELCOME

HIS ROYAL HIGHNESS

SHEIKH MAKTOUM BIN RASHID AL MAKTOUM

Vice President & The Prime Minister of U.A.E. & The - Ruler of Dubai

TO PAKISTAN.

WE PRAY FOR THE LONG LIFE OF HIS ROYAL HIGHNESS AND THE PROSPERITY OF THE STRONG BOND OF FRIENDSHIP & BROTHERHOOD BETWEEN THE PEOPLE OF U.A.E. & PAKISTAN

SHARIF INTERNATIONAL

OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS LABOUR CONSULTANTS
1, HAROON TRUST BUILDING, BEHIND TAJ MAHAL CINEMA
P.O. BOX: 843, KARACHI - PAKISTAN
TEL: 7727428 - 7735827 - 7760232 - FAX : 7730342

WARM RECEPTION TO

HIS ROYAL HIGHNESS

SHEIKH MAKTOUM BIN RASHID AL MAKTOUM

VICE PRESIDENT & THE PRIME MINISTER OF U. A. E.

ON HIS VISIT TO PAKISTAN.

PAK - U. A. E. FRIENDSHIP ZINDABAD.

ZAMAN INTERNATIONAL

OVERSEAS EMPLOYMENT PROMOTERS

LICENCE No. 0266/LHR/92

OFFICE: 10-BEADON ROAD
(ABOVE HABIB BANK LTD)
LAHORE - PAKISTAN
TEL No : 239779, 312079
TELEX : 44258 SIR PK
FAX : 92-42-232079

Capt. (Rtd.) Muhammad Yousaf
Chief Executive

حکومت پاکستان سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
یوتھ
لاہور پاکستان

نئی نسل کا انگلش، اردو زبان میں بیک وقت شائع ہونے والا بین الاقوامی نیوز میگزین

گورنمنٹ آف پاکستان وزارت اطلاعات ونشریات کی سنٹرل میڈیا میں شامل
ممبر آف آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC)

جلد نمبر ۴ شمارہ ۲ ماہ فروری

اس شمارے میں

اداریہ۔ خوش آمدید معزز مہمان ۵
اسلام آباد اسلامی مرکز ۶
۱۹۹۳ء بین الاقوامی لوک سال ۱۱
عشق عشق ایک شوخ تحریر ۱۳
ہمارا طبقاتی طرزِ تعلیم ۱۵
افسانہ - اکیلی ۱۷
وزیر اعظم امارات کا دورۂ پاکستان
تفصیلی رپورٹ ۱۹

متحدہ امارات کے بارے میں
خصوصی اشاعت

ایڈیٹر انچیف : محمد صدیق القادری
سب ایڈیٹرز : توصیف القادری۔
مس روبینہ
انچارج تزئین و آرائش : محمد خلیل شاھد
رنگین ——— : شاھد پرویز
ڈیزائنر ——— : مقصود آرٹسٹ
کمرشل اینڈ ایکسپورٹ مینجر : تنویر صدیق
سرکولیشن مینجر : توحید اختر

متحدہ عرب امارات، سعودی عرب، بحرین، قطر، اومان
کویت، مصر، اردن، جاپان، کوریا، بنگلہ دیش، برونائی،
چین۔ ہانگ کانگ۔ انڈونیشیا۔ ملائیشیا، تھائی لینڈ
فرانس، نیپال، فلپائن، سنگاپور۔ سری لنکا۔ تائیوان
امریکہ، برطانیہ، جرمنی، انڈیا، آسٹریلیا۔ ہالینڈ
کینیڈا - مالدیپ۔

قیمت 25
فون : 354729

خط و کتابت کا پتہ
"یوتھ انٹرنیشنل میگزین"
اوقاف بلڈنگ ۶ فلور نزد پرانا اسٹیٹ بنک پوسٹ بکس ۲۳۴۶ لاہور پاکستان

پبلشرز محمد صدیق القادری نے طیب اقبال پرنٹرز رائل پارک سے چھپوا کر اوقاف بلڈنگ ۶ فلور نزد پرانا اسٹیٹ بنک لاہور سے شائع کیا۔

اداریہ

خوش آمدید معزز مہمان گرامی عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم

متحدہ عرب امارات کے نائب صدر، وزیر اعظم اور دبئی کے ہر دلعزیز حکمران عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم اور ان کے اعلیٰ اختیاراتی وفد کا پاکستان میں فقید المثال خیر مقدم کیا گیا ہے امارات کے معزز مہمان وزیر اعظم پاکستان محمد نواز شریف کی خصوصی دعوت پر پاکستان کے سہ روزہ سرکاری دورے پر تشریف لائے ہیں اس پر مسرت موقعہ پر ہم ادارہ یوتھ انٹرنیشنل کی طرف سے امارات کے محبوب لیڈر مہمان کو پاکستان میں خوش آمدید کہتے ہیں اور اس عزم کا اظہار کرتے ہیں کہ عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کے موجودہ دورہ پاکستان سے پاک امارات کبھی نہ ٹوٹنے والی دوستی کے سفر میں قابل فخر پیش رفت ہوئی اور امارات کے وزیر اعظم جو نیک خواہشات اور پر خلوص جذبات لے کر پاکستان آئے ہیں اس دورہ سے یقیناً دونوں برادر ملکوں کے مابین ہر شعبہ زندگی میں تعاون کے فروغ میں مدد ملے گی اور ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری بڑھے گی۔

ہمارے لئے یہ بات انتہائی خوش آیند ہے کیونکہ امارات کے وزیر اعظم کے موجودہ دورہ پاکستان سے دونوں برادر ملکوں کے درمیان منافرت پھیلانے والے شرپسندوں کے پروپیگنڈہ کی حوصلہ شکنی ہوئی ہے۔ اس وقت امارات میں لاکھوں پاکستانی ہنرمند مختلف شعبوں میں خون پسینہ شامل کر کے اس کی ترقی و خوشحال میں قابل تعریف خدمات سرانجام دے رہے ہیں اس کے عوض وہ اپنی معاشی حالات کو بہتر بنانے کے لئے کثیر رقم فارن ایکسچینج ملک میں بھیج رہے ہیں جو قومی زرمبادلہ میں اضافہ کا سبب بن رہا ہے۔ معاشی تعاون کے علاوہ علاقائی اور بین الاقوامی پلیٹ فارم پر بھی دونوں برادر ہمسایہ ملکوں کا موقف یکساں رہا ہے۔ مسئلہ فلسطین، مسئلہ افغانستان، مسئلہ کشمیر اور بوسنیا پر دونوں ملکوں کا ہمیشہ یکساں موقف رہا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ دونوں برادر ملکوں کے درمیان معاشی تعلقات کے فروغ میں تیز رفتاری کیساتھ ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور پاکستانی مصنوعات اور مین پاور کی کھپت کیلئے واضع پالیسی اپنائی جائے اور ہر شعبہ زندگی میں تعلقات کو مزید وسعت دینے کیلئے عوامی سطح پر وفود کے تبادلے کئے جائیں۔

آخر میں ہم متحدہ عرب امارات کے وزیر اعظم عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم اور ان کے وفد کے اراکین کو پاکستان کا کامیاب تاریخی دورہ کرنے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں اس سے ایک تو وزیر اعظم پاکستان محمد نواز شریف کی انڈسٹریل پالیسی کو فروغ ملے گا اور دوسرا اس طرح پاک امارت دوستی مضبوط تر ہو گی اور دونوں برادر ممالک کو استحکام حاصل ہو گا۔

محمد صدیق القادری
ایڈیٹر انچیف

وفاقی دارالحکومت کے مثالی ادارے اسلام آباد سلائی مرکز کی چیئرمین منتظمہ کمیٹی ممتاز سماجی و سیاسی خاتون

بیگم بلقیس نصر من اللہ

سے خصوصی بات چیت

رپورٹ
محمد صدیق القادری
فوٹوگرافر: رفیق ناز

اسلام آباد سلائی مرکز برائے خواتین وفاقی دارلحکومت کا ایک انتہائی منفرد قابل تقلید فلاحی و سماجی ادارہ ہے اسلام آباد کا یہ واحد فلاحی ادارہ ہے جو اپنی مدد آپ کے اصولوں کی تحت ڈسٹرکٹ اسلام آباد میں مقیم غریب، یتیم، مسکین نوجوان لڑکیوں کو مفت سلائی کڑھائی کی ٹریننگ اور روزگار فراہم کر رہا ہے اس کی روایات اور مثبت سرگرمیوں کا دائرہ بہت وسیع ہے اس سلائی مرکز کا قیام ۱۹۸۱ ستمبر کو ہوا۔ اس منفرد ادارے کے قیام میں شہید جنرل ضیاء الحق کی ذاتی خواہش خصوصی لگن شامل تھی

اس ادارے کی گورنمنٹ پاکستان صرف ہیلپ کرتی ہے جب سے ملک میں زکواۃ کا نظام شروع ہوا ہے۔ اس ادارے میں بیواؤں، یتیموں، مسکینوں اور حق دار لڑکیوں کی امداد کے لئے زکواۃ فنڈز کا بجٹ ہوتا ہے جس سے مستحق لوگوں کو سلائی کڑھائی شدہ کپڑے خصوصاً طلبا و طالبات

مرکز میں بچیاں سلائی سیکھتے ہوئے

سلائی مرکز سینکڑوں بچیوں کو سلائی کڑھائی کے زیور سے آراستہ کر چکا ہے۔

کے لئے سکولز یونیفارمز مفت فراہم کیے جاتے ہیں نوجوان لڑکیوں کو سلائی مشینیں بھی مفت فراہم کی جاتی ہیں نان زکواۃ فنڈز سے ادارہ کی بلڈنگ کا کرایہ، ادارہ کے سٹاف کی تنخواہیں وغیرہ شامل ہیں اس ادارے میں داخلہ، رشوت و سفارش کی بجائے صرف میرٹ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے نوجوان بچیوں کی ٹریننگ کے لئے ادارہ کا سٹاف انتہائی محنتی اور نہایت تجربہ کار ہے خدمت خلق کے جذبہ سے سرشار خواتین ٹیچرز بڑی تندہی اور جانفشانی

اسلام آباد سلائی مرکز میں تیار شدہ مال

سے بچوں کو سلائی کڑھائی کی تربیت دیتی ہیں بلاشبہ اس ادارے کی اسلام آباد کے شہریوں کے لئے بے مثال خدمات ہیں جبکہ ضرورت اس امر کی ہے اسلام آباد کے اس منفرد مثالی ادارے کو قائم کرنے کے لئے حکومتی و عوامی حلقے خصوصی طور دلچسپی لیں اسلام آباد مرکز کی ایگزیکٹو باڈی مندرجہ ذیل شخصیات پر مشتمل ہے۔

1۔ بیگم بلقیس نصر من اللہ صاحبہ سابق ایم این اے چیرمین

۲۔ اسسٹنٹ کمشنر اسلام آباد آفیشل ممبر

۳۔ راجہ ظہور احمد چیرمین ڈسٹرکٹ زکواۃ کمیٹی اسلام آباد آفیشل ممبر

۴۔ صبیحہ ظہور صاحبہ، خاتون ممبر

۵۔ مسز ذکیہ عثمان صاحبہ خاتون ممبر

تنخواہ دار سٹاف مینجر، ہیڈ کلرک، آٹھ ٹیچرز سٹاف سمیت ۱۷ ملازمین ہیں۔

اس فلاحی ادارے کی چیرمین بیگم بلقیس نصر من اللہ، صاحبہ نہائت خوش اخلاق، روشن خیال فرض شناس بے لوث عوامی خدمت کے جذبہ سے بھرپور سرشار قابل تعریف خاتون شخصیت ہیں

گذشتہ کئی سالوں سے ادارے کے چیرمین کی حثیت سے اپنی فری خدمات ادارے کے سپرد کیے ہوئے ہیں ان کی محنت و لگن کی بدولت ادارے کے وقار و ساکھ میں اضافہ ہوا ہے نامساعد حالات میں بھی آپ نے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لا کر ادارے کو بند ہونے سے بچایا اور اپنے وسیع اثر و رسوخ کو استعمال کرتے ہوئے ادارے کی مالی مشکلات کو حل کرنے کے لئے شبانہ روز کام کیا آپ کی خصوصی دلچسپی محنت اور لگن کی بدولت یہاں فن دستکاری' سلائی کڑھائی کی تربیت بڑے اچھے اور سلجھے ہوئے انداز میں ہوتی ہے یہاں اس ادارے میں ڈسپلن اور ٹیم ورک کے اصولوں کے تحت مطلوبہ مقاصد اور نتائج حاصل کیے جا رہے ہیں یہاں کا باقاعدہ نظم و ضبط قابل دید ہے۔

چیرمین صاحبہ اپنی بے پناہ مصروفیات کے باوجود ادارے کے انتظامی اور تربیتی امور میں بھرپور دلچسپی لے رہی ہیں۔

راجہ ظہور احمد چیرمین ڈسٹرکٹ زکواۃ کمیٹی اسلام آباد اس ادارے کے لیے شب و روز کام کر رہے ہیں روزانہ ادارے میں بیٹھ کر انتظامی امور کی نگرانی کرتے ہیں۔

جب سے راجہ ظہور احمد صاحب کی بحثیت

مرکز کی چیرمین صاحبہ کام کا معائنہ کرتے ہوئے

ممبر تقرری ہوئی ہے ادارے کی کارکردگی میں کافی حد تک اضافہ ہوا ہے۔ محلے کے لوگ بھی راجہ صاحب کی بے لوث خدمت سے خوش ہیں ادارے کا نظم و ضبط اور تربیتی ماحول پر سکون اور قابل تعریف ہے۔

یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے ساتھ خصوصی ملاقات میں اسلام آباد سلائی مرکز برائے خواتین کی چیرمین صاحبہ نے ادارے کے اغراض و مقاصد اور طریقہ کار پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا اس ادارے کا بنیادی مقصد غریب اور نادار نوجوان لڑکیوں کو سلائی کڑھائی کے فن سے آشنا کر کے معاشرے میں باعزت روزگار مہیا کرنا ہے تاکہ نوجوان لڑکیاں اس مہنگائی کے دور میں اپنے والدین پر بوجھ بننے کی بجائے اپنے پاؤں پر خود کھڑی ہو کر معاشرہ کی قابل فخر خواتین بن سکیں۔

چیرمین صاحبہ نے اسلام آباد سلائی مرکز برائے خواتین کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے بتایا ۸۱ تا ۹۱ کے دوران ۴۳۱۷ طالبات نے اس ادارے سے تربیت حاصل کی ہے ۳۶۳۵ سلائی مشینیں مستحق طلباء' طلبات کو مفت فراہم کی گئی ہیں ۶۹'۹۹۵ جوڑے شلوار قمیض تیار کر کے سکولز کے مستحق طلباء' طلبات میں تقسیم کئے گئے ہیں ۱۴'۱۶'۶۷۱ روپے کے مستحق حق دار طالبات کو وظائف دیئے گئے ہیں ادارہ کافی طالبہ پر خرچہ ۲'۷۰۵ روپے آتا ہے اب تک ہم نے کل تین تین ماہ کے ۳۵ کورس مکمل کئے ہیں بیگم بلقیس صاحبہ نے انکشاف کیا کہ یہ ادارہ جنرل ضیاء الحق شہید کی خواہشات و ہدایات تک مطابق قائم ہوا ضیاء صاحب نے گورنمنٹ کو کہا تھا اس ادارے سلائی مرکز برائے خواتین کی ایک خوبصورت بلڈنگ سوشل ویلفیر کے ادارے سے تیار کروا کر دی جائے افسوس صد افسوس حکومت نے ابھی تک

بیگم بلقیس نصرمن اللہ سنیئر لیڈی انسٹرکٹرز کے ہمراہ

اس ادارے کو بلڈنگ تیار کر کے نہیں دی۔

اس کے لئے ہم عنقریب جنرل ضیاء شہید کے صاحبزادے فرزند پاکستان اعجاز الحق صاحب کو ایک پروقار تقریب میں دعوت دے رہے ہیں ہم چاہتے ہیں کہ اس اہم ادارے کی کارکردگی کے فلاحی منصوبے کو آگے بڑھانے میں دلچسپی لے لیں۔

سلائی مرکز کی مالی مشکلات کا ذکر کرتے ہوئے بیگم بلقیس نصر من اللہ صاحبہ نے کہا میں اپنا انتہائی قیمتی وقت اس فلاحی ادارے کو دے رہی ہوں قادری صاحب یقین مانئے مجھے بہت زیادہ خوشی ہوتی ہے میرے نزدیک اس ادارے کی خدمت بھی عبادت ہے سلائی مرکز کا ۱۹۸۱ تا ۱۹۸۹ انتظام اچھا چلتا رہا ہے ہمیں مالی مشکلات درپیش نہیں تھیں ۱۹۸۹ کے بعد اس ادارے کے فنڈز بند کر دیے گئے جس سے ادارے کی مالی مشکلات بڑھتی چلی گئی اسی وجہ سے سات ماہ سے ملازمین کو تنخواہیں تک نہیں ملی جہاں تک میرے بس میں تھا ہم نے اپنے ادارے کے مسائل و مشکلات سے حکومت کو آگاہ کیا اس سے ہمارے سٹاف تنخواہیں تو مل گئی لیکن فنڈز کی کمی کی وجہ سے ادارے کی کارکردگی اور ساکھ گرنے متعلقہ اُدارے کے بند ہونے کا خطرہ ہے۔

حالانکہ اس ادارے کا باقاعدہ آمدن خرچ کا ریکارڈ ہے باقاعدگی سے آڈٹ ہوتا ہے۔ کئی بین الاقوامی وفود نے اس ادارے کے وزٹ کیے ہیں سب نے اس ادارے کے طریقہ کار اور کارکردگی کو سراہا ہے۔ ۱۹۸۵ میں ۲۴ اسلامی ملکوں کے سکالروں نے اس سلائی مرکز کا وزٹ کیا اس ادارے کی عملی خدمات اور کارکردگی دیکھ وفود کے اراکین بہت متاثر ہوئے انہوں نے اپنے اپنے ملکوں میں اسی طرز پر ادارے قائم کرنے کا فیصلہ کیا۔

بیگم بلقیس صاحبہ نے انتہائی دکھ بھرے لہجے میں کہا کتنے دکھ اور شرم کی بات ہے دس گیارہ سالوں سے ابھی تک ادارے کو بلڈنگ تک مہیا نہیں کی گئی بلڈنگ کرایہ پر ہونے سے ہمیں سخت مالی مشکلات ہیں پچھلے دس سالوں سے ایک کروڑ سولہ لاکھ روپے بلڈنگ کرایہ پر خرچ ہوئے ہیں جو سالانہ گیارہ لاکھ ارسٹھ ہزار روپے بنتا ہے پاکستان کے مخیر حضرات اس آزاد خود مختار منفرد فلاحی ادارے کو ڈونیشن دیں تاکہ ہم ادارے کی بلڈنگ تعمیر کر سکیں۔

چیرمین صاحبہ نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ میرے خیال میں زکواۃ فنڈز کا اس سے اچھا مصرف اور کوئی نہیں ہے یہاں ادارے میں غریب عوام کی بچیوں کو سلائی کڑھائی کی تربیت کے علاوہ روزگار کے لئے سلائی مشینیں دی جاتی ہیں جو سلائی مشینوں سے روزگار حاصل کر کے معاشرے پر بوجھ بننے کی بجائے خود اپنے پاؤں پر کھڑی ہوتی ہین ایسے ادارے ملک بھر میں قائم کرنے کی ضرورت ہے حکومت کو چاہیے ایسے اداروں کو چلانے کے لئے اقوام متحدہ سمیت بین الاقوامی فلاحی تنظیموں سے تعاون حاصل کرے تاکہ خواتین کو پاکستانی معاشرہ میں خود کفیل بنا کر ملک کی استحکام ترقی خود انحصاری اور خوشحالی کی طرف بڑھا جا سکے۔ بیگم بلقیس نصر من اللہ نے مزید بتایا اگر

چیئرمین صاحبہ مرکز مینجر، ہیڈ کلرک اور دیگر سٹاف کیساتھ

چیئرمین صاحبہ کیساتھ اسلام آباد سلائی مرکز کی انسٹرکٹرز کا گروپ فوٹو

حکومت ہمارے ادارے کی طرف توجہ دیں تو ہم اس ادارے کو اپنی مدد آپ کے تحت کے اصولوں پر آرگنائز کر کے زیادہ سے زیادہ بے روزگار نوجوان لڑکیوں کو روزگار مہیا کر سکتے ہیں ہم نے اس سلسلہ میں باقاعدہ تربیت حاصل کرنے والی لڑکیوں کو روزگار فراہم کرنے کے لئے ایک پروڈکشن یونٹ قائم کرنے کا منصوبہ تیار کیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت گورنمنٹ کے ادارے حوصلہ افزائی کریں تو ہم پروڈکشن بڑھانے سے زیادہ سے زیادہ غریب نوجوان بچیوں کو روزگار مہیا کر سکیں گے

پروڈکشن یونٹ کے اغراض ن مقاصد پر روشنی ڈالتے ہوئے چیرمین ادارہ نے بتایا مستحقین زکواۃ کے لئے تربیت کا کام تو ہو رہا ہے۔ مگر تربیت یافتہ طالبات اور خواتین کے لئے روزگار کمانے کے مواقع میسر نہ ہونے کی وجہ سے مستحقین کو صحیح معنوں میں خود کفیل نہیں کیا جا سکا۔ اس کے لئے پروڈکشن یونٹ کے قیام سے یہ ادارہ خود کفالت کے لئے ایک مرکزی کردار ادا کرے گا ادارے کا اور بے شمار تربیت یافتہ اور ہنر مند غریب خواتین کے لئے اجرت پر کام مہیا کرے گا

اس ادارہ کے لئے پروڈکشن یونٹ کی کامیابی سے نان زکواۃ اخراجات کا حصول جو آج کل ایک مسئلہ بنا ہوا ہے کسی حد تک خود کفالت اور خود انحصاری کی طرف لے جائے گا اس یونٹ میں مندرجہ ذیل کام کیے جائیں گے

۱۔ بیڈ شیٹس اور تکیہ غلاف کی تیاری کشیدہ کاری کے بیڈ شیٹس اور غلاف تکیہ، سلائی بچگانہ اور زنانہ و مردانہ اور ہر قسم کشیدہ کاری، گڑیا سازی، مختلف سکولز اور محکما جات کے یونیفارم دیگر ہنڈی کرافٹ ان پروڈکشن کی فروخت مندرجہ ذیل طریقہ کار کے تحت ہوگی ادارہ کسی کمرشل جگہ پر ایک شو روم اور شاپ کھولے گا ہفتہ وار سی ڈی اے بازاروں میں سٹال لگائے گا مختلف نمائشوں میں سٹال اور مختلف مارکیٹوں کے سٹورز میں سپلائی کرے گا۔

پروڈکشن یونٹ سٹاف

ادارے کی مینجر ہی پروڈکشن کی انچارج ہوگی مینجر کے زیر نگرانی ہی یہ ونگ کام کریں گے خام مال مہیا کرنا اور خریدنا۔ ڈائزننگ، پروڈکشن، سیل (فروخت) اکاؤنٹس سردست ادارے کا سٹاف ہی کرے گا۔ ان کے انچارج شعبوں کے انچارج کے طور پر چنے جائیں گے اس سارے پراجیکٹ کے لئے ۱۰ لاکھ روپے کے ضرورت ہوگی اس کے بعد ادارہ خود کفیل ہو جائے گا

نیوز ایجنٹوں کی ضرورت ہے

یوتھ انٹرنیشنل کی بڑھتی ہوئی اشاعت کے پیش نظر پاکستان اور بیرون ممالک نیوز ایجنٹس کی ضرورت ہے پرکشش مراعات اور معقول کمیشن حاصل کریں فوری رابطہ کیلئے یوتھ انٹرنیشنل چھٹی منزل ایوان اوقات نزد ہائی کورٹ دی مال لاہور فون 042/354729

اقوام متحدہ کی جانب سے ۱۹۹۳ بین الاقوامی علاقائی لوگوں کا سال

آج کا زمانہ تیزی کا زمانہ ہے اور اس کی رفتار کا جو ساتھ نہیں دے سکتا اسے نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ مادی ترقی اور جدیدیت کی دوڑ میں رجعت پسندی کیلئے کوئی مقام نہیں اور نتیجہ یہ ہے کہ مقابلے کے رجحان نے تمام معاشرتی اور اخلاقی اقدار کو تباہ کر دیا ہے۔

ایک زمانہ تھا جب لوگ روایت پسند اور تہذیب پسند ہوا کرتے تھے اس دور میں معاشرہ پروان چڑھا لوگ خوشی غمی میں ساتھ ہوا کرتے تھے ایک دوسرے کی خوشیاں اور دکھ بانٹتے تھے۔ ایک دوسرے کیلئے اپنے مفاد کی قربانی دینے کیلئے تیار رہتے تھے۔ خوشحالی کا دور دورہ تھا اور پھر معاشرہ اتنے قریبی اور مضبوط بندھنوں میں بندھا تھا کہ کسی کو روایت توڑنے کی ہمت نہیں تھی اگر کوئی ایسا کر گزرتا تو زمانے کی رسوائی اس کا مقدر بن جاتی۔ یہ زیادہ دور کی بات نہیں اگر صرف صدی پہلے کے حالات کا مطالعہ کریں تو یہ تمام باتیں حقیقت کا حصہ نظر آتی ہیں۔

بیسوی صدی کی حیران کن ایجادات نے نہ صرف ہمارے رہنے سہنے کی عادت کو بدل دیا ہے بلکہ اس سے ہمارے رویئے اور سوچوں کے دھارے بھی بہت متاثر ہوئے ہیں۔ آج کا انسان کچھ زیادہ ہی تنقید پسند واقع ہوا ہے۔ ہر ہر بات میں تنقید کہیں تو تنقید مثبت ہوتی ہے جو کہ ترقی کی راہ ہموار کرتی ہے لیکن اکثر تنقید منفی ہوتی ہے اور اپنی انفرادیت کی بقاء کیلئے علیحدہ نقطۂ نظر پیش کیا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ مذہب اس کے اثرات سے نہیں بچ سکا۔ مذہب اور معاشرے کی تعلیمات سے زیادہ انسان اپنے ذاتی تجربے اور مشاہدے کو ترجیح دیتا ہے اور اگر کسی مسلمہ عقیدے کی پیروی کرتا بھی ہے تو وہ بھی اسی لئے کہ اپنا مشاہدہ بھی اسے سچ تسلیم کرتا ہے بصورت دیگر آج کا انسان پیروں کو کفر کے برابر برا جانتا ہے۔

آج اگر ہم اپنے گرد و پیش نگاہ دوڑائیں تو ہم یہ محسوس کر سکیں گے کہ وہ روایت پسند لوگ جنہیں عام لفظوں میں "علاقائی"

رجعت پسند اور دقیانوسی" کہا جاتا ہے نایاب ہو چکے ہیں۔ کم از کم شہروں میں تو ایسے شاذ و نادر ہی نظر آتے ہیں اور اگر کبھی نظر آ جائیں تو زمانے کی نگاہوں کا مرکز بن جاتے ہیں۔ لوگ انہیں ایسی نظروں سے دیکھتے ہیں جیسے کسی دوسرے سیارے کی مخلوق۔

لیکن یہ لوگ ایسے ہیں جنہیں اس کی غرض نہیں کہ دوسرے ان کے متعلق کیا سوچتے ہیں کیا کہتے ہیں۔ ان لوگوں اور آج کے دور کے لوگوں کی سوچوں کے درمیان بہت وسیع خلیج بن چکی ہے۔ پرانے لوگ آج کی نسل کو ناسمجھ شمار کرتے ہیں اور نئی نسل انہیں Out-dated شمار کرتی ہے۔ ایسا لگتا ہے جیسے زمانہ کے اثرات ان پر قطعی غیر متاثر کن ہیں۔ یہ لوگ اپنی زندگی کی پرانی روش کا دامن تھامے دھیمے دھیمے اپنی زندگی کا سفر کرتے چلے رہتے ہیں کیونکہ ان کے نزدیک سائنسی اور مادی ترقی نے انسان کو کمزور بنا دیا ہے اور اس کی بربادی کے سامان پیدا کئے ہیں۔ یہ لوگ اپنے عقائد میں پکے ہیں اور اخلاقی اور معاشرتی اقدار اور روایتوں کے پاسدار ہیں یہ لوگ آج بھی خلوص کے پیکر ہیں مہمان نوازی میں بے مثال اور انسانی خدمت کے جذبہ سے سرشار ہوتے ہیں۔

آج جبکہ دنیا اکیسویں صدی میں قدم زنجہ فرمانے اور کارخانہ قدرت کے پوشیدہ رازوں کو مزید افشا کرنے پر تلی ہوئی ہے اور بیسویں صدی کی حیران کن سائنسی ترقی پر نازاں ہے تو آج بھی یہ لوگ ورثہ کے نمائندہ علاقائی لوگ (Indigenous people) بنیادی انسانی ضروریات کے پورا کرنے پر قانع ہیں۔ معاشرے نے انہیں بھلا دیا لیکن یہی لوگ معاشرتی اور تہذیبی روایتوں کے پاسدار اور محافظ بنے قدیم ثقافتوں اور معاشرتی اقدار کا پہرو دے رہے ہیں۔ حقیقت میں یہی لوگ ایک معاشرے کی پہچان ہیں۔ آج کے Universal Community کے نظریے نے ہماری انفرادی پہچان چھین لی ہے۔ سائنسی ترقی میں گو جدید انسان کافی آگے نکل چکا ہے لیکن تہذیبی اور ثقافتی اعتبار سے بہت پیچھے چلا گیا ہے۔ آج کی تہذیبیں ریت کے گھروندوں سے زیادہ اہمیت نہیں رکھتیں۔ انسان لباس اور ہیر اسٹائل بدل کر عظیم نہیں بنتا اس کے لئے انسانیت کا مظہر بھی بننا بڑا ضروری ہے انسانیت کا اظہار دوسرے انسانوں سے ہمدردی اور غمگساری کے جذبات سے لے کر بہتر معاشرتی روایات کی پیروی اور فلاحی معاشرے کی تعمیر ہے نہ کہ ذاتی مفاد اور ترقی کیلئے ہر اچھا برا فعل اختیار کرنے کا نام۔ میکاوٗلی کی فلاسفی انسان کیلئے انتہائی تباہ کن ثابت ہوئی کیونکہ وہ ذاتی مقصد کے حصول کیلئے اور مادی مفادات کے حصول کیلئے ہر ناجائز کام کو جائز شمار کرتا ہے۔ یہ فلسفہ انسان کو مادی ترقی کی معراج تک تو شاید پہنچا دے لیکن انسان کو انسانیت کے جذبات و احساسات سے خالی کر دیتا ہے۔ مجموعی انسانی ترقی کا راز عموی فلاحی معاشرے کے قیام میں مضمر ہے جس کے لئے ہمارے معاشرے میں ہی نہیں دنیا کے تمام ممالک میں لوگ ورثہ کے نمائندہ افراد اپنے اپنے قبیلوں اور طبقوں کی حد تک کام کر رہے ہیں۔

ان علاقائی لوگوں کی معاشرے کیلئے اہمیت کے پیش نظر اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی۔ جس کا اجلاس ۱۰ دسمبر ۱۹۹۲ء کو نیو یارک میں حقوق انسانی کے دن کے موقع پر ہوا۔ اس میں ۱۹۹۳ء کا سال "دنیا کے علاقائی ورثہ لوگوں" کیلئے وقف کرنے کا اہتمام کیا ہے۔ اس کے ذریعے بین الاقوامی پلیٹ فارم پر دنیائے انسانی کی توجہ معاشرے کے اس اہم نظرانداز کئے گئے طبقہ کی طرف دلانے کا موقع فراہم کیا جائے گا اور علاقائیت کی ضرورت کا احساس دلایا جائے گا۔

خصوصاً یہ سال تاریخ انسانی میں ایسے لوگوں کی بقا اور ان کے حقوق کی معاشرے میں منظوری میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس کے لئے بین الاقوامی سطح پر تعاون کی فضا پیدا کی جائے گی، تاکہ ان لوگوں کے گوں ناگوں مسائل کو حل کیا جا سکے اور جدید معاشرے کیلئے انہیں کارآمد شہری بنایا جا سکے انہیں انسانی اور ماحولیاتی حقوق مہیا کرنے، تعلیم و ترقی کے حصول کے سلسلہ میں اور صحت کی برقراری کیلئے عوامی سطح پر تحریک چلائی جا[ئے] گی تاکہ لوگوں میں ان حقوق کا شعور دلا[یا] جائے اور انہیں اس مقام پر لایا جائے کہ [وہ] جدید معاشرے کی اصلاح اور اپنے طبقے کی اصلاح کیلئے پروگرام پیش کر سکیں تاکہ جدید معاشرہ ان کے خیالات سے مستفید ہو کر آئندہ ترقی کے حصول کیلئے وسائل کو بہتر طو[ر] پر استعمال میں لائے اور یہ کہ اس طر[ح] معاشرے کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جائے۔ وہ لوگ جنہیں دقیانوسی کہہ کر معاش[رہ] پس پشت ڈال دیتا تھا آج پھر انہیں ساتھ لے کر چلنے کیلئے کوشاں ہے۔ اقوام متحدہ کے پروگراموں کے ذریعے ان لوگوں کے خیالات کو دنیا میں بین الاقوامی سطح پر متعارف کروا[یا] جائے گا اور ان کے خیالات و عقائد کی گہرا[ئی] تک پہنچنے کی کوشش کی جائے گی تاکہ معاش[رہ] محض مادی ترقی کی بجائے عمومی انسا[نی] معاشرتی ترقی حاصل کرے اسی طرح ۱۹۹۳ء کا سال اپنے مقاصد پورے کرنے [میں] کامیاب ہو سکے گا۔ اس سال کے مقاصد [کے] بہتر حصول کیلئے اقوام متحدہ کی کمیٹی نے [ان] لوگوں کو اپنے پروگرام میں شرکت دی [ہے] اور اسی طرح نچلی سطحوں پر بھی ان کے تع[میری] پروگراموں میں ان لوگوں کو شرکت د[ی] جائے گی تاکہ یہ لوگ خود پروگرام میں شا[مل] ہو کر اس کو زیادہ سے زیادہ کامیاب بنائیں۔

اس طرح سے اس سال کی کارکر[دگی] الفاظ کی حد تک محدود نہیں رہے گی بلکہ [عملی] طور پر بھی معاشرتی تبدیلیاں پیدا کرنے کیلئے مجموعی اور انفرادی طور پر کوششیں کی جائیں گی۔ اقوام متحدہ کا اس سلسلے میں پروگرام مقاصد کے اثرات دنیا کے کونے کونے پر پہنچانے کیلئے ترتیب دیا گیا ہے۔ توقع ہے [کہ] اس سال کے مقاصد کے اثرات پاکستا[نی] معاشرے تک بھی پہنچیں گے جو کہ اپ[نے] طبقوں سے بھرپور مختلف تہذیبوں کا شاہکا[ر] ہے۔

عشق عشق

تحریر نوین احسان

عشق کے معانی سے تو سب ہی آشنا ہوتے ہیں اردو ادب اعلیٰ اور شاعری کی تشریح و توضیح کے لئے دو قسم کے عشق ہی زیر بحث آتے ہیں۔

عشق حقیقی اور عشق مجازی

۱۔ **عشق حقیقی :۔** اس سے مراد وہ عشق ہے جو کہ اللہ تعالیٰ سے کیا جاتا ہے اور صرف ولی اللہ ہی اس عشق تک پہنچ سکتے ہیں۔ ہمارے اکثر صوفیاء کرام کی شاعری سے بھی پتا چلتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے کتنے قریب رہ سکتے ہیں۔

لیکن عشق مجازی کی بہت سی اقسام ہوتی ہیں جن میں سے چیدہ چیدہ مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) **سچا عشق :۔** شاید یہ وہ عشق ہے جو کہ کسی زمانے میں ہوا کرتا تھا آج کل تو اس قسم کے عشق کا فقدان ہے۔ ہمارے لیے تو ایسے عشق کی داستانیں ہی رہ گئی ہیں جن کے ذریعے ان سچے عشقوں کے بارے میں پتہ چلتا ہے۔ مثلاً سسی پنوں' ہیر رانجھا' لیلیٰ مجنوں اور شیریں فرہاد کی "داستان عشق"

(ii) **کبوتری عشق :۔** یہ قسم بھی کافی قدیم ہے یہ اس زمانے کا عشق ہے جب ذرائع رسل و رسائل نے جدید شکل اختیار نہیں کی تھی اور اپنی خیریت کی اطلاع دینے کے لئے "کبوتر" استعمال کیے جاتے تھے۔ تب عاشق لوگ اپنی محبوباؤں کو کبوتروں کے ذریعے خطوط بھیجا کرتے تھے۔ پرانے فلمی گانے اس رواج کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔

(iii) **قلمی عشق :۔** آج کل کے زمانے میں عشق نے بتدریج ترقی کرتے ہوئے "قلمی عشق" تک کا سفر طے کر لیا ہے۔ اب عاشق ڈاک کے ذریعے اپنی "محبتوں" کو "پارسل" کرتے ہیں اور اپنے خیالات اور جذبات کے اظہار کے لئے کاغذ و قلم کا استعمال کرتے ہیں لیکن یہ قسم اب جدید اقسام میں شمار نہیں ہوتی کیونکہ اب جدید مشینی دور میں یہ "طریقہ عشق" بھی قدیم گردانا جاتا ہے۔

(iv) **ٹیلی فونی عشق :۔** ہماری نوجوان نسل کا پسندیدہ عشق "ٹیلی فونی عشق" ہے اور کسی معاملے میں ہمارے نوجوان چستی اور حاضر دماغی کا استعمال چاہے نہ کرتے ہوں مگر اس قسم کی "معشوقانہ" سرگرمیوں میں ان کا دماغ خوب اچھی طرح چلتا ہے۔ وہ بڑی چستی کے ساتھ رانگ نمبر ملا کر مطلوبہ محبوبہ کو تلاش کر ہی لیتے ہیں اگر مطلوبہ نہ ملے تو "کوئی اور سہی" کے مصداق کسی دوسری پر گزارہ کر لیتے ہیں اور رانگ نمبر کے جواب میں جس فصیح اللسانی اور حاضر دماغی کا ثبوت دیتے ہیں کہ اگر امتحانات کے دنوں میں یہ دماغی قوت کام آئے تو شاید نتائج آج کے نتائج کے بالکل برعکس ہوں۔ نوجوانوں کی انھیں لوفرانہ حرکتوں کی بدولت ٹیلی فون کئی مرتبہ "وبال جان" نظر آنے لگتا ہے۔ نئی انڈین فلموں کے گانے اور ڈائیلاگ فون پر ہی ایک دوسرے کو سنا دیے جاتے ہیں اور جس Style سے آہیں بھری جاتی ہیں ان کا تو جواب ہی نہیں ہے۔ شعروں کے تبادلے ہوتے ہیں۔

(v) **فلمی عشق :۔** یہ وہ عشق ہے جو کہ فلموں میں ہیرو کو ہیروئن سے ہوتا ہے اور اس عشق کے لئے وہ پندرہ موٹے تازے کرائے کے غنڈوں کو اکیلا تن تنہا قابو میں کر سکتا ہے اور اپنی شرافت کی دھاک بٹھانے کے لیے ۱۵' ۲۰ گانے گانے سے بھی دریغ نہیں کرتا (اس سلسلے میں کبھی والدین کی موجودگی کا خیال نہیں کیا گیا) یہ عشق چاہے کتنی ہی مشکلات میں کیوں نہ پھنسے انجام ہمیشہ شادی ہوتا ہے۔ بعض اوقات فلمی ہیرو ہیروئن اصلی زندگی میں بھی وہی رول ادا کرتے ہیں جو کہ فلم میں کرتے ہیں مگر فرق صرف یہ ہے کہ فلم اگر ۳ گھنٹوں میں ختم ہوتی ہے تو ان دونوں کی ازدواجی زندگی ۳ دنوں میں اختتام پذیر ہو گی۔ پہلا دن خفیہ نکاح' دوسرا دن (افواہوں) شادی کی تردید یا تائید' تیسرا دن علیحدگی۔

(vi) **عشق فلرٹی :۔** یہ عشق کی عام ترین قسم ہے اور اس عشق کی اور بہت سی شاخیں ہیں جن میں سے اہم ترین مندرجہ ذیل ہیں۔

۱۔ **سڑکوں پر فلرٹ :۔** عام طور پر آتے جاتے لڑکوں کا کام سڑکوں پر چلتی پھرتی لڑکیوں سے فلرٹ کرنا ہوتا ہے اور وہ اپنے اس مقصد میں کامیاب ہونے کے لئے سر دھڑ کی بازی لگاتے ہیں اور مختلف حرکات کے ذریعے لڑکیوں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں (اس بات سے بالاتر ہو کر وہ اس وقت کسی حد تک مسخرے بلکہ اکثر اوقات بندر کی نسل سے تعلق رکھتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں) آتے جاتے سیٹیاں بجانا ان کا

معمول ہوتا ہے اور بالوں کے Style میں لٹ ایک اہم کردار ادا کرتی ہے کیونکہ اگر وہ نہ ہو تو عشق نامکمل ہے پھر وہ جھٹکے سے ایک ادا کے ساتھ اس کو پیچھے کی طرف کیسے جھٹکے گا؟

۲۔ (لڑکیوں کے کالج) "فلرٹ کرنے کی اہم جگہ":۔ یہ وہ جگہ ہے کہ جہاں ہر قسم کے لڑکے بکثرت نظر آتے ہیں۔ ان میں کچھ شریف زادے ایسے بھی ہوتے ہیں جو کہ اپنی "بہنوں" کو گھروں سے لے کر کالج تک اور چھٹی کے بعد کالج سے گھروں تک بحفاظت پہنچا کر آتے ہیں اور ان کے "باڈی گارڈز" کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں۔ کچھ بہنوں کو لینے آئے ہوتے ہیں مگر تانک جھانک میں دو تین تو ضرور تاڑ لیتے ہیں غرضیکہ "فلرٹ" (لڑکوں کے لیے) کے لیے یہ بہترین جگہ ہے۔

۳۔ پبلک پارک میں عشق کا فروغ:۔ ہمارے پارک اس سلسلے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ساری دنیا (بلکہ ظالم سماج کہیں تو زیادہ بہتر ہو گا) سے دور اپنے آپ سے بے گانہ بلکہ ارد گرد کے ماحول سے مانیہا عاشق و معشوق ادھر بکثرت نظر آتے ہیں۔ یہاں بیٹھ کر وہ اپنے آپ کو ہر طرح سے محفوظ تصور کرتے ہیں کہ کوئی روکنے والا نہیں ہوتا۔ ایسے موقعوں پر فلمی گانے جذبات کے اظہار کا بہترین ذریعہ تصور کیے جاتے ہیں۔

۴۔ چھتوں پر عشق:۔ یہ عشق وہ ہے کہ جس میں اکثر اشاروں کنایوں ہی سے مدد لی جاتی ہے اور "اکھ مٹکا" کیا جاتا ہے۔ دھوپ میں کپڑے پھیلانے کے بہانے سے لڑکی کا چھت پر آنا اور کبوتروں کو اڑاتے ہوئے ہیرو کا نمودار ہونا اس کا اصل سین ہے اور پھر "چوباری عشق" شروع ہو جاتا ہے۔ اس قسم کا انجام لڑکی کی شادی اور لڑکے کی "فل حجامت" پر ہوتا ہے۔

۵۔ گلی کی نکر والا عشق:۔ لڑکی چاہے برقعہ پوش ہے مگر لڑکا اس کی خوبصورتی کا اندازہ سات پردوں میں بھی کر لے گا یہ علیحدہ بات ہے کہ بعد میں آنٹی قسم کی خوفناک چیز برآمد ہو۔ گلی کی نکر پر کھڑا ہونا ہر لڑکے کا بنیادی حق ہے اسے اس کے حق سے کوئی محروم نہیں کر سکتا۔ لہٰذا وہ کھڑا ہوتا ہے اور اپنی "سرمہ زدہ" آنکھوں سے ہر آنے "والی" اور جانے "والی" کا بغور معائنہ کرتا ہے اور حسب موقع شعر، گانے اور سیٹی بجانے سے بھی گریز نہیں کرتا۔

میری رائے کے مطابق یہ سب کچھ اسلئے ہوتا ہے کہ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ کچا ذہن ہوتا ہے اور گندی انڈین فلموں سے آلودہ ہو جاتا ہے اور یہ تو سب جانتے ہیں کہ اچھائی کی نسبت برائی جلد متاثر کرتی ہے۔ علاوہ ازیں اردو کے گھٹیا ڈائجسٹ بھی عشق کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اس طرح کا گھٹیا لٹریچر معصوم ذہنوں میں خیالات کو پراگندہ کرتا ہے اور ان کا مستقبل مندرجہ بالا اقسام عشق میں مبتلا کسی "عاشق نامراد" جیسا ہوتا ہے۔

SPECIAL

بقیہ یوم اقبال

منصفین کے فرائض اسلامیہ کالج کوپر روڈ کی پروفیسر محترمہ طلعت نایاب، اپواء ممبران کمیٹی کی محترمہ بیگم عطیہ فیض صاحب اور محترمہ بیگم خلیل ندے جنرل سیکرٹری اپواء پنجاب نے سرانجام دیے۔

اس پروگرام کی تیاری کا سہرا جن محترم شخصیات کے سر ہے ان میں شعبہ اردو کی محترمہ الطاف فاطمہ اور مس شہزادی زرقا کے نام قابل ذکر ہیں آخر میں مہمان خصوصی محترمہ بیگم ناصرہ جاوید نے تمام طالبات کو انعامات اور خصوصی اسناد تقسیم کیں اور یہ پُروقار تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔

فلم کارنر

پاکستان فلم کرکٹ کلب کی کامیابی

دنوں ایچی سن کالج کی گراؤنڈ پر پاکستان فلم کرکٹ کلب کا مقابلہ ایشین ٹور کرکٹ کلب (Asian Tour Cricket Club) ٹیم کے ساتھ ہوا۔ کھیل کا آغاز مہمان ٹیم نے کیا اور تمام وکٹوں پر ۲۲۰ سکورز بنائے سب سے زیادہ سکور بنانے والے جی۔ خان تھے جنہوں نے ۹۴ رنز بنائے جبکہ فاراز ۲۸ رنز بنا کر دوسرے نمبر پر رہے۔

پاکستان فلم کرکٹ کلب نے غلام محی الدین کی کپتانی میں اپنے کھیل کا آغاز کیا اور ۳۲ اوورز میں سکور ٹارگٹ پورا کیا۔ پاکستان یہ میچ دو وکٹ سے جیتا سب سے زیادہ سکورز ایاز نے بنائے اور ۷۵ رنز بنا کر آؤٹ ہوئے دوسرے نمبر پر رہنے والے سلیم شیخ تھے جنہوں نے ۶۸ رنز بنائے ندیم نے باؤلنگ میں شاندار مظاہرہ کیا اور تین وکٹ لئے۔

فلم سوداگر تکمیل کے مراحل میں

فلم سوداگر کے کہانی وسکرین پلے ہدایتکار ظہور حسین گیلانی ہیں جبکہ فلم ساز ان کے بھائی منظور حسین گیلانی ہیں۔ فلم سوداگر ایک نظریاتی فلم ہے جس کا موضوع "کشمیر ہمارا" ہے۔ اس فلم کی کہانی کشمیر کی المناک داستان ہے جو کہ کشمیر کی آزادی تک جاری رہے گی۔ کہانی کا آغاز ۱۳ جولائی ۱۹۳۱ء کے ۲۲ شہیدوں کی جدوجہد آزادی سے ہوا ہے جو ہندو سامراج اور انگریز حکومت کے خلاف شروع ہوئی۔

اس فلم کے مرکزی کردار ادا کرنے والے فلمسٹاروں میں سلطان راہی، شکیلہ قریشی، حیدر سلطان، صاحبہ، عارف لوہار، خوشبو، ہمایوں قریشی اور نغمہ نمایاں ہیں۔

صوفیہ امان

فرحت ناز ایک سیدھی سادھی لڑکی تھی۔ خاندان میں سب اسے نازو کہہ کر پکارتے تھے۔ اسکی ماں اسکی پیدائش کے وقت فوت ہو گئی تھی۔ حالات نے اس ننھی سی جان کو سوتیلی ماں کے سپرد کر دیا تھا۔ جو اسکی ماں تو کہلاتی تھی لیکن ماں کہلانے کے لائق نہ تھی۔ نوعمری سے ہی وہ ظلم و ستم سہنے کی عادی ہو گئی تھی۔ سارے گھر کے کام کاج کرنا اور پھر رات کو ماں کی خدمت پاؤں دبانا اسکا معمول تھا۔ باپ اسے بمشکل تیسری جماعت تک پڑھا سکا۔ خوشی کیا ہوتی ہے اسے کچھ معلوم نہ تھا۔ وقت پنکھ لگا کر اڑتا رہا یہاں تک کہ اس نے جوانی کی دہلیز پر قدم رکھا۔ اسکی سوچ اب پختہ ہو چکی تھی۔ وہ اکثر سوچتی کہ اس کی زندگی کا مقصد کیا ہے؟ اور کیا وہ اسی طرح دکھ سہتے اک دن مرجائے گی۔ یہ سوچ کر وہ روح تک کٹ جاتی تھی۔ اس کا نام تو نازو تھا لیکن نہ تو اسے ناز دکھانے کا موقع ہی ملا نہ ایسے لوگ جو اس کے ناز اٹھائیں۔

تنہائی اسکی سہیلی تھی۔ جس سے وہ

> آخرکار اس نے زندگی کے دکھوں سے فرار حاصل کر ہی لیا۔ اب منزل اس کے سامنے تھی۔

اپنے دکھ سکھ بانٹتی تھی۔ کبھی کبھی باپ اس سے پیار سے بات کرتا تو وہ بہت خوش ہوتی۔ اسکی عمر بڑھتے دیکھ کر باپ کو اسکے بیاہ کی فکر ہوئی اور آخرکار اسکا رشتہ طے کر دیا گیا۔ سوتیلی ماں اس مفت کی نوکرانی کو گنوانا نہیں چاہتی تھی سو اس نے بیاہ کی مخالفت کی۔ لیکن باپ کے آگے ماں کی ایک نہ چل سکی۔ جب اسکا رشتہ طے ہوا تو وہ سوچتی تھی کہ اب وہ اس قید سے رہائی حاصل کر لے گی اور اپنی مرضی کی زندگی گزارے گی۔ بیاہ والے دن تو وہ یہ محسوس کر رہی تھی جیسے تپتے صحرا میں بھٹکتے مسافر کو کوئی سایہ دار درخت مل جائے۔ اس نے جانے کیسے کیسے سپنے بن لیے تھے۔ اس نے سمجھا تھا کہ وہ اس قید خانہ سے ہمیشہ کے لئے رہائی حاصل کر لے گی لیکن اسے کیا معلوم تھا کہ وہ ایک قید خانہ سے دوسرے میں منتقل ہو رہی ہے۔ بیاہ کے پہلے ہی دن ساس نے اسے کام پر لگا دیا جیسے وہ کوئی زر خرید لونڈی ہو۔ اس نے سن رکھا تھا کہ ساس بھی ماں ہوتی ہے لیکن ماں کے جو روپ اسکے سامنے آئے تھے انتہائی بھیانک تھے۔ ماں کے لفظ سے ہی اسے نفرت ہو چکی تھی۔ سسرال کی طرح کام

میں جتی رہتی۔ اسکی وہ معصوم خواہشات' معصوم خواب ریزہ ریزہ ہو چکے تھے۔

ایک امید کی کرن اسکی زندگی میں داخل ہوئی وہ اسکا بیٹا تھا۔ بیٹے کی پیدائش کے بعد اسے احساس ہوا ماں کیا ہوتی ہے اور اسکی ممتا کیا ہوتی ہے۔ اس احساس پر وہ پھوٹ پھوٹ کر روئی۔ پرانے زخم پھر تازہ ہو گئے۔ اس نے تو ماں کا بڑا بھیانک روپ دیکھا تھا۔ اس گھٹن زدہ ماحول میں بیٹے کا وجود ہی اسکے لیے باعث راحت تھا۔ اب وہ اپنے بیٹے کے لیے سپنے چننے لگی تھی۔ وہ اکثر سوچا کرتی تھی جب اسکا بیٹا بڑا ہو گا تو وہ اسکو وہ خوشی دے گا جسکی وہ متلاشی تھی۔ زندگی کے تمام دکھ ختم ہو جائیں گے۔ یہ تصور ہی اس کے لیے مسرت کا باعث تھا۔ آخرکار وہ وقت بھی آگیا جسکا اسکو برسوں سے انتظار تھا۔ آج اسکے بیٹے کی شادی تھی۔ اس نے بیٹے کے لئے چاند سی بہو ڈھونڈی تھی۔ اب اس کے سپنوں کے سچ ہونے کا وقت آن پہنچا تھا۔ لیکن بیٹے کی شادی کے بعد احساس ہوا کہ اسکی زندگی غم کا وہ سمندر ہے جسکا کوئی کنارہ نہیں۔ اسکی بہو بیاہ کے دوسرے ہی روز اپنے شوہر کو لے کر الگ ہو گئی تھی۔ وہ دن کتنا بھیانک تھا جس دن اسکی آخری آس بھی ٹوٹ گئی تھی۔ وہ وقت جسکا اسنے برسوں انتظار کیا وہ اسے کچھ بھی تو نہ مل سکا سوائے چند اور زخموں کے۔ اب تو یہ زخم ناسور بن چکے تھے۔ اسکی تک گھائل ہو چکی تھی اور ایک رات وہ بستر پر لیٹی یہ سوچ رہی تھی کہ اسکی زندگی کا یہ بھیانک باب کب ختم ہو گا۔ وہ عورت تھی جس نے زندگی کے دکھوں کو اپنے اندر سمیٹ کر دوسروں کو راحت اور خوشیاں پہنچائیں۔ لیکن خود کچھ بھی حاصل نہ کر سکی۔ اس نے تو سن رکھا تھا عورت عظیم ہستی ہے۔ عورت زندگی کا حسن ہے لیکن اسکے وجود پر تو سارے زخم عورت ہی کے دیئے ہوئے تھے۔ یہ سوچتے سوچتے آخرکار اس نے زندگی کے دکھوں سے فرار حاصل کر لیا۔ اسے کوئی گھر نہ مل سکا جسے وہ اپنا کہہ سکتی نہ باپ' نہ شوہر کا اور نہ ہی بیٹے کا' اسکی ادھ کھلی آنکھیں آج بھی سوال کرتی ہیں کہ آخر "عورت کیا ہے"۔

[redacted]

SPECIAL ACTIVITIES

رودادِ یوم اقبال

مہمان خصوصی بیگم ناصرہ جاوید کی صدارت میں یوم اقبال کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ کالج کی طالبات نے یوم اقبال کے حوالے سے مقالے پڑھے اور علامہ اقبال کے نظریات اور انکی بصیرت و افکار کا جائزہ لیا۔ اقبال کے جن نظریات پر روشنی ڈالی گئی ان میں اقبال کا "تصور خودی" "تصور فن" اسکے علاوہ "اقبال اور تحریک پاکستان" جیسے موضوعات پر طالبات نے تقاریر کیں ایک طالبہ نے "افکار اقبال اور موجودہ دور کے تقاضے" اس عنوان کے تحت اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ان تقریروں میں جن طالبات نے حصہ لیا اور انعام کی حقدار پائیں ان میں پہلا انعام سال اول کی راحت شفیع کو "افکار اقبال اور موجودہ دور کے تقاضے" کے تحت دیا گیا دوسرا انعام سال چہارم کی فائزہ اختر کو ملا۔ تیسرا انعام سال اول کی صائمہ کو "اقبال اور تحریک پاکستان" کے موضوع پر دیا گیا اس تقریب میں کلام اقبال کو خوش الحانی سے پیش کرنے کا بھی خاص اہتمام کیا گیا تھا۔ طالبات نے علامہ کی مختلف نظموں کو ترنم کے ساتھ پیش کیا۔ جن طالبات نے کلام اقبال پیش کیا ان میں ملیحہ نے اقبال کی نظم "خودی کا سرنہاں لا الہ الا اللہ پیش کیا۔

عنبرین بخاری نے نظم "پھر چراغ لالہ سے روشن ہوئے کوہ و دمن" پیش کیا دو بہنوں نوشین اور نورین ظہور نے مل کر اقبال کی ایک خوبصورت غزل کو بڑے دلکش انداز سے گایا

"کبھی اے حقیقت منتظر نظر آ لباس مجاز میں"

کلام اقبال کے حوالے سے جن طالبات کو انعام کا حقدار ٹھہرایا گیا ان میں پہلا انعام ملیحہ سال چہارم کو ملا۔ دوسرا انعام سال دوم کی عنبرین بخاری کو ملا۔ تیسرا انعام نوشین ظہور اور نورین ظہور کو دیا گیا۔

آخر میں یوم اقبال کے حوالے سے ایک "بیت بازی" کا خصوصی مقابلہ ہوا۔ جن میں دو ٹیموں نے حصہ لیا۔ ان ٹیموں میں جن طالبات نے حصہ لیا ان میں راحت شفیع' نرگس الطاف' عنبرین شمسہ' حمیرا وددو اور اسماء کے نام شامل ہیں۔ دونوں ٹیموں نے اقبال کے اشعار کی تیاری بہت اچھے طریقے سے کر رکھی تھی۔ لیکن جیت اے ٹیم سے تعلق رکھنے والی طالبات کی ہوئی اور یہی ٹیم انعام کی حقدار قرار پائی۔ آخری مرحلہ اس تقریب کا مہمان خصوصی کے لئے تھا۔ جس میں انہوں نے علامہ کے افکار و نظریات پر اپنے قیمتی خیالات کا اظہار کیا۔

بقیہ صفحہ (14)

ہمارا طبقاتی طرز تعلیم

عفت ریاض

بظاہر یہ نظر نہ آنے والا معمولی مسئلہ ہمارے طلباء کی تعلیم و تربیت پر کتنا اثر ڈالتا ہے اور یہ بات کس طرح معاشرے کی طبقاتی تفریق کی نشاندہی کرتا ہے۔ جب تک اس کے اثرات کا جائزہ نہ لیا جائے اس کی اہمیت واضح نہیں ہوتی۔

دور حاضر میں ہم انگریزی تعلیم کی اہمیت سے ہرگز انکار نہیں کر سکتے کیونکہ عالمی سطح پر اس تعلیم کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ ہماری ملک میں بھی اعلیٰ تعلیم کا زیادہ نصاب اسی زبان میں پایا جاتا ہے۔ سیکنڈری جماعتوں میں بھی اسے لازمی مضمون کی حیثیت سے نصاب میں شامل کیا گیا ہے۔ چنانچہ آج کل انگریزی تعلیم بھی اتنی ہی اہمیت کی حامل ہے جتنی کہ اردو تعلیم۔ اب چاہیے تو یہ کہ ان دونوں مضامین یعنی اردو اور انگریزی کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے انہیں یکساں طور پر سکولوں میں نافذ کیا جاتا۔ مگر افسوس کہ تعلیم کے معاملے میں بھی ہمارا یہ نظام طبقاتی کشمکش کا شکار ہو چکا ہے۔

پاکستان جیسے اسلامی نظریاتی ملک میں بھی جہاں معاشرتی مساوات کا درس دیا جاتا معاشرت تین واضح طبقوں میں بٹی ہوئی ہے۔ "امیر طبقہ" "متوسط طبق" اور "غریب طبقہ"

ان طبقات میں تعلیمی معیار ہونا تو یکساں چاہئے تھا مگر ہماری تعلیم بھی امیری اور غریبی کی تفریق سے متاثر ہونے سے نہ بچ سکی اور ملک میں دو طرح کے طرز تعلیم اپنائے گئے جو کہ اب "انگریزی ذریعہ تعلیم (English Medium) اور "اردو ذریعہ تعلیم (Urdu Medium) کہلاتے ہیں۔

اس طبقاتی تعلیم کا آغاز اس وقت ہوا جب پاکستان کے معرض وجود میں آنے کے بعد اردو طرز تعلیم کو تمام اسکولوں میں نافذ کیا گیا اور انگریزی تعلیم کی اہمیت کے پیش نظر اسکو پرائمری کے بعد لازمی مضمون کے طور پر نصاب میں شامل کیا گیا۔ امراء اور اعلیٰ طبقے کے افراد اپنے بچوں کو ہر میدان میں آگے دیکھنے کے خواہش مند تھے۔ انہوں نے انگریزی طرز تعلیم کو بہتر اور زیادہ ضروری سمجھتے ہوئے کچھ اپنے بچوں کو بیرون ملک بھیج دیتے اور کچھ نے اپنے بچوں کو پرائمری ہی سے انگریزی تعلیم دلانے کے لیے الگ پرائیوٹ انگریزی میڈیم سکول کھولے۔ چونکہ ان سکولوں کے اخراجات سرکاری تعلیمی

عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کے دورہ پاکستان کی تفصیلی رپورٹ

متحدہ عرب امارات کے نائب صدر، وزیر اعظم اور دوبئی کے ہردلعزیز

عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم

کا پاکستان میں فقید المثال تاریخی استقبال

محمد صدیق القادری
ایڈیٹر انچیف یوتھ انٹرنیشنل میگزین کے قلم سے

امارات کے وزیراعظم کے حالیہ دورہ پاکستان کی تفصیلی رپورٹ اندرونی صفحات میں

پاک امارات دوستی کا لازوال سفر

متحدہ عرب امارات صدر، وزیر اعظم اور دبئی کے ہردلعزیز نیک دل حکمران عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم اپنے اعلیٰ اختیاراتی وفد کے ہمراہ پاکستان کے سہ روزہ سرکاری دورے پر اسلام آباد پہنچے تو ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔

اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر امارات کے وزیراعظم اور ان کے وفد کا وزیراعظم پاکستان میاں نواز شریف نے خیرمقدم کیا جب معزز مہمان اپنے خصوصی طیارے سے باہر آئے تو انہیں ۱۹ توپوں کی سلامی دی گئی پاکستانی لباس میں ملبوس ننھے منے بچوں نے عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کو پھولوں کے گلدستے پیش کیے تینوں مسلح افواج پر مشتمل چاک وچوبند دستے نے معزز مہمان کو گارڈ آف آنرز پیش کیا دونوں ملکوں کے قومی ترانے بجائے گئے اس موقعہ پر تینوں مسلح افواج کے سربراہان سینٹ کے چیرمین وسیم سجاد، ڈپٹی سپیکر نیشنل اسمبلی حاجی نواز کھوکھر، پارلیمنٹ و سینٹ کے اراکین، اعلیٰ حکام، غیر ملکی سفارت کار اور معزز شہریان موجود تھے ہوائی اڈے کو بڑی خوبصورتی سے سجایا ہو گیا تھا۔ بڑے بڑے خیر مقدمی بینر لگے ہوئے تھے ہوائی اڈے سے وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد تک راستے کو دلکش رنگین ریشمی رنگ برنگ جھنڈوں، خیر مقدمی بینروں کے ذریعے سجایا ہوا تھا۔

کھلاڑی اور مایہ ناز طالبہ

سیدہ عائشہ یوسف کی رسم شادی

لڑکیاں تو پرایا دھن ہوتی ہیں معاشرے میں چاہے کتنی ہی شہرت اور بلند مرتبہ حاصل کر لیں بلا آخر انھیں ایک دن اپنے والدین کا گھر چھوڑ کر سسرال کے ہاں جانا ہوتا ہے شادی کا بندھن ہر عورت اور مرد کی زندگی کا لازمی جز سمجھا جاتا ہے شادی کی رسومات معاشرے کی علاقائی مذہبی ثقافت کا آئینہ دار ہوتی ہیں ہمارے معاشرے میں شادی ایک مذہبی فریضہ ہے۔

آج ہم قارئین سے جس نوجوان باصلاحیت خوبرو دوشیزہ کی شادی کا تذکرہ کر رہے ہیں یہ سیدہ عائشہ یوسف ہیں عائشہ کا شمار بہترین ہونہار طالبہ مایہ ناز اتھلیٹ کھلاڑیوں میں ہوتا ہے بچپن سے ہی تعلیم اور کھیلوں سے بے حد دلچسپی کیساتھ حصہ لیتی رہیں نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں میں اپنی بے پناہ ذہنی صاحیتوں، توانائیوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بے شمار انعامات اور میڈل حاصل کیے اپنے آپ کو اردو اور انگلش کی بہترین مقررہ ثابت کیا عائشہ نے واقعی اپنے خاندان کی عزت و وقار میں بے حد اضافہ کیا آج کل عائشہ ہوم اکنامکس کالج گلبرگ لاہور میں بی۔ایس سی فورتھ ایر کی طالبہ ہیں تعلیم کیساتھ فلاحی وسماجی کاموں میں بھرپور حصہ لیتی ہیں۔

عائشہ کی شادی گذشتہ دنوں آرمڈ کور کے کیپٹن زاہد انور کے ساتھ انتہائی پروقار تقریب میں خیر وعافیت کیساتھ انجام پائی۔ شادی کی خوبصورت تقریب میں دونوں گھرانوں کے رشتہ داروں کے علاوہ عائشہ کی سہیلیوں سمیت ماضی کی معروف فلمی اداکارہ نغمہ سمیت زندگی کے ہرشعبے سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی۔

امارات کے وزیراعظم اپنے پہلے سرکاری دروہ پاکستان میں اعلیٰ اختیاراتی

نیک خواہشات اور محبتیں لے کر حاضر ہوا ہوں

چالیس رکنی وفد بھی ساتھ تشریف لائے وفد میں مواصلات کے وزیر شیخ محمد سعید المولا' وزیر اطلاعات وثقافت شیخ خلفان محمد بن الرومی' فنانس' انڈسٹریز کے وزیر مملکت شیخ احمد الطیار' پریذیڈنشل کورٹ رولر آف دوبئی کے چیف شیخ شاہ مین بن خلیفہ المکتوم' چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز دوبئی چیئرمین شیخ سعید جمال نابود' ڈائریکٹر جبل فری زون اتھارٹی شیخ سلطان بن سالیم اور اطلاعات وثقافت کے ایڈوائزر شیخ ابراہیم العابد شامل تھے۔

امارات کے وزیراعظم عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کی ایک جھلک دیکھنے کیلئے پاکستانیوں کی بہت بڑی تعداد موجود تھی امارات کے نوجوان سمارٹ وزیراعظم پاکستانی نوجوان وزیراعظم کیساتھ انتہائی خوشگوار موڈ اور پرمسرت جذبات کیساتھ ہاتھ ہلا ہلا کر پاکستانیوں کے خیرمقدمی استقبالیہ نعروں کا جواب دے رہے تھے لوگوں کا ہجوم پاکستان کے دوست ملک کے محبوب ترین مہمان لیڈر کا استقبال پاک امارات دوستی زندہ باد کے نعروں سے کر رہا تھا۔

امارات کے وزیراعظم شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کے اس پرمسرت موقعہ پر نیک خواہشات بے مثال دوستی اور بھائی

چارے کے پرخلوص جذبات ان کے سفید تروتازہ خوبصورت چہرے پر عیاں تھے۔

اس موقعہ پر اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم نے کہا میرے لیے بہت خوشی کا مقام ہے کہ میں وزیراعظم پاکستان میاں نواز شریف کی خصوصی دعوت پر پاکستان کی دورہ پر ہوں میں صدر پاکستان' وزیراعظم پاکستان اور پاکستان بھائیوں کیلئے صدر متحدہ عرب امارات عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان' امارات کے حکمرانوں اور عوام کی نیک خواہشات' پرخلوص جذبات اور لازوال دوستی وبھائی چارے کی تجدید وعہد کے جذبوں کے ساتھ حاضر ہوا ہوں میں اور میرے وفد کے اراکین پاکستان کے دورے پر آکر فخر محسوس کرتے ہیں۔

امارات کے وزیراعظم نے کہا پاک امارات دونوں برادر ممالک کے درمیان تعلقات میں گرم جوشی ہمارے لیے ہمیشہ باعث اطمینان قلب رہی ہے پاک امارات کی باہمی دوستی جو دو دہائیوں پر محیط ہے دونوں برادر ملکوں کیلئے ہمیشہ مفید رہی ہے

ہمیں پاکستان کی کامیابیوں پر فخر ہے

دو دہائیوں سے میری مراد متحدہ امارات کی تشکیل سے ہے۔ لیکن قدیم تاریخ کا مطالعہ کریں تو ہم صدیوں سے دوستی اور بھائی چارے کے رشتوں میں بندھے ہوئے

عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کے دورہ پاکستان کی تفصیلی رپورٹ

پاکستان اور امارات کے درمیان

ہیں ہمارے مشترکہ ماضی' مشترکہ ورثہ' مشترکہ ثقافتی اور اسلامی ورثے نے ہمیں نہ ٹوٹنے والے رشتہ میں باندھ دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان اور امارات کے مابین ناقابل شکست رشتے ہیں۔

دونوں برادر ممالک کے درمیان دوستی انتہائی اطمینان بخش ہے اور ہر آزمائش پر پوری اُتری ہے۔

امارات کے لیڈر نے پراعتماد لہجے میں کہا دونوں حکومتیں عوامی سطح پر آپس میں تعاون بڑھانے پر بھرپور توجہ دے رہی ہیں دونوں ممالک علاقائی اور بین الاقوامی امور پر ہمیشہ ایک دوسرے سے مشورے کرتے رہے ہیں اس مشاورت کی اہمیت دونوں ممالک کے درمیان مختلف شعبہ ہائے زندگی میں تعلقات کی بہتری کے ساتھ ساتھ بڑھتی جا رہی ہے۔

امارات کے وزیراعظم نے مزید کہا اس حقیقت کا اظہار امارات کے صدر عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان بے شمار مرتبہ کر چکے ہیں اپنے دورہ پاکستان کے بارے میں وضاحت کرتے ہوئے عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم نے کہا میرا موجودہ دورۂ پاکستان گزشتہ سال کے آخر میں امارات کے شیخ خلیفہ بن زید النہیان اور امارات کے صدر شیخ زید بن سلطان کا دورۂ پاکستان ایک ہی سلسلہ کی کڑی ہیں میرے پاکستان میں یہاں قیام کے دوران وزیراعظم پاکستان اور ان کے رفقاء سے ملاقاتیں سفارتی روایات میں خوبصورت اضافہ ہوں گے جو کہ عرصہ دراز سے ہمارے درمیان چلی آ رہی ہیں

دوہرے ٹیکسوں سے بچنے کا سمجھوتہ

یہ ہمارا قومی یقین ہے کہ دونوں ممالک کے عوام اور حکومت کی سطح پر رابطے پاک امارات کے درمیان تعاون کے فروغ میں سنگ میل ثابت ہوں گے۔

عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد نے مزید کہا مجھے یقین ہے میرے پاکستان کے دورے کے دوران پاکستان کے صدر' وزیراعظم کیساتھ انتہائی مفید مذاکرات ہوں گے ہمیں پاکستان کی کامیابیوں پر فخر ہے پاکستان جیسے اسلامی ملک کی کامیابی و ترقی اسلامی امہ کی کامیابی ہے جس سے ہم تعلق رکھتے ہیں پاکستان نہ صرف برادر ملک ہے بلکہ پاکستان ہمارا قابل اعتماد ہمسایہ ملک بھی ہے۔ امارات کے معزز مہمان اپنے وفد کے ہمراہ اسلام آباد روانہ ہوئے۔ وزیراعظم ہاؤس میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے درمیان باضابطہ مذاکرات کا آغاز ہوا دونوں ملکوں کے نوجوان وزرائے اعظم نے اپنے اپنے وفد کی قیادت کی۔

دونوں ملکوں کے وزراء خزانہ' اطلاعات و نشریات ثقافت' مواصلات نے بات چیت میں حصہ لیا بات چیت انتہائی دوستانہ برادرانہ ماحول میں جاری رہی دونوں ممالک کے درمیان دو طرفہ تعلقات اور بین الاقوامی صورت حال پر تبادلہ خیال

اور بھرپور تعاون بڑھانے کے طریقوں پر غور کیا گیا مذاکرات میں فیصلہ کیا گیا کہ دونوں ملکوں کے دو طرفہ تعلقات اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لئے وزارتی سطح کے اجلاس منعقد کئے جائیں اس کے علاوہ دوہرے ٹیکس سے بچنے کیلئے ایک سمجھوتے پر دستخط کئے گئے جس کے تحت پاکستان میں وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری کرنے والی متحدہ عرب امارات کی کمپنیوں کو ٹیکس میں ۳۳٪ چھوٹ دی جائے گی سمجھوتے پر پاکستان کے وزیر خزانہ سرتاج عزیز' امارات کے خزانے اور صنعت کے وزیر مملکت شیخ احمد الطیار نے دستخط کئے۔

اتوار کی رات اسلام آباد میں پاکستان کے وزیراعظم محمد نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کے نائب صدر وزیراعظم اور دبئی کے حکمران عالی مرتبہ شیخ مکتوم بن راشد المکتوم اور ان کے اعلیٰ اختیاراتی وفد کے اعزاز میں پرتکلف دیدہ زیب عشائیہ دیا اس عشائیہ تقریب میں وزارت پٹرولیم کے وفاقی وزیر چوہدری نثار علی خان' ماحولیات ہاؤسنگ کے وفاقی وزیر انور سیف اللہ خان' وفاقی وزیر خزانہ سرتاج عزیز' اطلاعات و نشریات کے عبدالستار لالیکا' صنعتوں کے وفاقی وزیر شیخ رشید احمد' جائنٹ چیفس آف کمیٹی کے چیرمین جنرل شمیم عالم خاں' غیر ملکی سفیروں' اعلیٰ سول و فوجی حکام نے شرکت کی امارات کے معزز مہمان وزیراعظم عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم نے اس پروقار تقریب میں وزیراعظم پاکستان کے امدادی فنڈز کیلئے ٦ ملین ڈالر کی امداد کا اعلان کیا وزیراعظم پاکستان نے معزز مہمان کے جذبہ ہمدردی کو سراہا۔ واضح رہے اس سے قبل بھی امارات نے ایک کروڑ ڈالر کی امداد دی ہے۔

امارات کے عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد المکتوم نے پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس کا تاریخی دورہ کیا اس دورہ کے موقعہ پر پاکستان کے وزیراعظم میاں نواز شریف بھی معزز مہمان کے ہمراہ تھے متحدہ عرب امارات کے لیڈر نے ایروناٹیکل کمپلیکس کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا کمپلیکس کے ڈائریکٹر جنرل نے امارات کے وزیراعظم کو کمپلیکس کے بارے میں تفصیل سے بریفنگ دی اور معزز مہمان کو بتایا کہ اس کمپلیکس میں جدید لڑاکا طیاروں کی اورہالنگ اور ری بلڈنگ ہوتی ہے امارات کے وزیراعظم شیخ مکتوم بن راشد نے کمپلیکس کی وزیٹرز بک میں جو تاثرات تحریر کئے وہ مندرجہ ذیل ہیں۔

"اس عظیم کمپلیکس کا دورہ کر کے مجھے بے حد خوشی و مسرت ہوئی ہے یہ

پاک امارات دوستی لازوال رشتوں میں منسلک ہے۔

معزز مہمان کی جانب سے ریلیف فنڈ کیلئے ٦ ملین ڈالو کا اعلان

کمپلیکس نہ صرف پاکستان کے لئے باعث فخر ہے بلکہ پوری اسلامی دنیا کے لئے باعث افتخار اور تقویت ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ ایک اسلامی ملک جو کامیابی حاصل کرتا ہے وہ کسی ایک ملک کی کامیابی نہیں ہے۔ بلکہ پورے عالم اسلام اور اسلامی امہ کی کامیابی ہے پاکستان ایروناٹیکل کمپلیکس نہ صرف پاکستان کے لئے طاقت کا ستون ہے بلکہ یہ اسلامی امت کیلئے طاقت کا باعث ہے"۔ عالی مرتبت شیخ مکتوم بن راشد نے اس موقعہ پر کمپلیکس میں کام کرنے والے انجینئروں اور دوسرے ماہرین کی خدمات کو سراہتے ہوئے اپنی دلی نیک تمناؤں اور پرخلوص جذبات کا اظہار کیا۔

وزیراعظم پاکستان محمد نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کے وزیراعظم شیخ مکتوم بن راشد مکتوم اور ان کے وفد کے اعزاز میں قابل دید تفریحی مقام بھوربن کے فائیو سٹار ہوٹل میں پروقار ظہرانہ دیا معزز مہمانوں نے پرکشش مقام کی خوبصورتی کو سراہتے ہوئے بھرپور دلچسپی کا اظہار کیا۔ مری اور بھوربن کی خوبصورتی اور دلفریب قدرتی مناظر کی تعریف کی اس ظہرانہ میں وزیراعظم پاکستان کے علاوہ وفاقی وزیر صحت سید تسنیم نواز گردیزی امور کشمیر کے وزیر

سردار مہتاب عباسی' دفاعی پیداوار کے وفاقی میر ہزار خاں بجارانی سمیت اہم شخصیات اور غیر ملکی سفیروں نے شرکت کی۔

صدر پاکستان غلام اسحاق خان نے متحدہ عرب امارات کے نائب صدر' وزیراعظم اور دبئی کے حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم اور ان کے وفد کے اعزاز میں پروقار اعشائیہ دیا اس تقریب میں پاکستانی وزراء سمیت ملکی اور غیر ملکی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ امارات کے نائب صدر نے اپنے وفد کے ہمراہ صدر پاکستان سے تفصیلی ملاقات کی دو طرفہ باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ متحدہ عرب امارات کے صدر عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان کا خیرسگالی پیغام پہنچایا۔

امارات کے معزز مہمان نے وزیراعظم جناب محمد نواز شریف کے ہمراہ وفاقی دارالحکومت کے ترقیاتی پلان میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور اسلام آباد کی خوبصورتی اور نفاست کی بڑی تعریف کی۔ شیخ مکتوم نے شکرپڑیاں کے مشرقی ویو پوائنٹ پر نئے تعمیر شدہ لان میں پہلا پودا لگایا ہے۔ مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات درج کرتے ہوئے امارات کے معزز مہمان نے اس خوبصورت مقام کی بڑی تعریف کی ہے۔ یہ بات حقیقت پر مبنی ہے امارات کے شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کا خیرسگالی دورہ پاکستان ہر لحاظ سے کامیاب رہا امارات کے نائب صدر' وزیراعظم کے دورہ پاکستان سے پاک امارات تعلقات مزید مضبوط اور مستحکم ہوں گے۔ امارات کے لیڈر نے اپنے دورہ پاکستان کے دوران اپنے خیرسگالی جذبات' خیالات اور برادرانہ تعلقات کے فروغ کے عزم سے پاکستانیوں کے دلوں کو جیت لیا ہے امارات کے بارے میں پھیلائی جانے والی تمام تر افواہوں کو زائل کر کے ثابت کر دیا ہے کہ متحدہ عرب امارات پاکستان کا قابل اعتماد ہر مشکل مرحلے میں کام آنے والے برادر دوست ہے پاکستان کے ساتھ اپنی دلی محبت' دوستی' بھائی چارے کے فروغ میں امارات کے صدر شیخ زید اور نائب صدر' وزیراعظم شیخ مکتوم نے اپنی بے پناہ سیاسی بصیرت' معاملہ فہمی' تدبر کے ذریعے بہترین لیڈر اور دوست ہونے کا ثبوت فراہم کر کے بتا دیا ہے پاک امارات دوستی ناقابل شکن رشتوں میں منسلک ہے۔

شیخ مکتوم بن راشد کے موجودہ کامیاب تاریخی دورہ پاکستان سے پاکستان امارات دوستی کے نئے دور کا آغاز ہو گا علاقائی اور بین الاقوامی معاملات میں دونوں برادر ملک مثالی کردار ادا کرتے رہیں گے۔

یوں امارات کے وزیراعظم کے آہنی ہاتھوں سے لگایا جانے والا پودا امارات کے حکمرانوں کی پاکستان کیساتھ دوستی' بھائی چارے اور محبت' ایثار و وفا کی خوشبو ہمیشہ دیتا رہے گا۔ پاکستانی حکومت اور عوام کے محبوب ترین معزز مہمان شیخ مکتوم بن راشد المکتوم اپنے دورے کی خوبصورت قابل فخر یادیں چھوڑ کر واپس اپنے وفد کے ہمراہ امارات روانہ ہو گئے۔

DISCOVER YOURSELF AND ENJOY LIFE
WITH YOUTH INTERNATIONAL

SUBSCRIPTION FORM

SUBSCRIBE NOW A ENROLE AMONG THE YOUTH!

Please tick the appropriate column.

Annual Subscription Rates :

* Pakistan	Rs. 150.00	
* Middle East / Sub-Continent.	Rs. 375.00	US $ 25
* Europe / Africa / Far East / South East Asia.	Rs. 450.00	US $ 32
* U.S.A. / Canada / Australia	Rs. 550.00	US $ 37
* South & Central America	Rs. 625.00	US $ 42
Regular Price Per Copy	Rs. 15.00 (Pak)	

Cheques / Money Order Payable to:

The Youth International

(Circulation Department)

6th Floor Aiwan - e - Auqaf Building

Near High Court, Lahore - Pakistan.

Tel : 042 / 354729

Note : SUBSCRIPTION SLIP

Please allow 2 to 3 weeks for delivery of th Ist issue of the magazine.

Kindly commence my subscription from _____ (month) 1993 / 94

Name : ____________ IC No. : ________

Sex : ____________ Age ________

Address : ____________________

متحدہ عرب امارات کا تعارف

متحدہ عرب امارات سات مختلف ریاستوں کا وفاق ہے جب دسمبر ۱۹۷۱ء میں برطانیہ مشرقی سویز سے دستبردار ہوا تو یہ وفاق وجود میں آیا ور یہ جزیرہ نما عرب کا ایک بڑا ملک بن گیا ان میں سے سب سے بڑی اور گنجان آباد ریاست ابوظہبی ہے اور یہی اس وفاق کا مرکز ہے جبکہ اس کے دوسرے اراکین میں دبئی، شارجہ، فجیرا، راس الخیمہ، ام الکوائین، اور عجمان ہیں ان ریاستوں کا رقبہ اور آبادی بھی اسی ترتیب سے ہے گو کہ ان ریاستوں کے حکمران اپنی خود مختاری بادشاہت رکھتے تھے لیکن ۱۸۲۰ء میں ان ریاستوں نے اس معاہدے کے تحت برطانیہ کے ساتھ الحاق کیا تھا جس کے تحت برطانوی حکومت ان ریاستوں کے دفاعی اور خارجی امور پر کنٹرول کر سکتا تھا

۱۹۷۱ء تک یہ ملک بین الاقوامی تنظیموں کے سرگرم رکن رہے ہیں جیسے کہ یونائیٹڈ نیشن اور اس کے خاص ایجنسیاں لیگ آف عرب، سٹیٹس نان الائنڈ مومنٹ اور آرگنائزیشن آف دی اسلامک کانفرنس، عرب گلف کواپریشن کے چھ اراکین متحدہ عرب امارات، کویت، سعودی عرب بحرین قطر اور اومان نے مئی ۱۹۸۱ء میں اس اتحاد کی پہلی کانفرنس ابوظہبی میں بلائی

علاقہ اور آبادی

متحدہ عرب امارات خلیج عرب کے شمالی ساحل کی طرف واقع ہے اس کے ساتھ چھوٹی سی سلطنت اومان (مسقط) ہے جس کا رقبہ ۳۰۰۰۰ میل ہے ان امارات میں سب سے بڑی ریاست ابوظہبی ہے جس کا رقبہ ۲۶۰۰۰ میل ہے عجمان

سات ریاستوں کا اتحاد

صرف ۱۰۰ میل رقبہ پر مشتمل ہے دبئی کا علاقہ ۱۵۰۰ میل شارجہ ۱۰۰۰ میل اور باقی تینوں راس الخیمہ فجیرہ اور ام القوین ۱۰۰۰ میل کے رقبہ پر واقع ہیں پچھلی مردم شماری کے مطابق ۱۹۸۵ء میں ان ریاستوں کی کل آبادی ۱۶۲۲۴۶۴ تھی جن میں سے ۶۷۰۰۰۰ افراد ابوظہبی میں رہائش پذیر تھے خاص طور پر وفاقی مرکز ابوظہبی اور العین کے شہروں میں ۴۰۰۰۰ افراد دوبئی کے دو شہروں دبئی اور ڈیرہ دبئی میں اور یہ متحدہ امارات کا کمرشل سنٹر ہے آج کل اس کی آبادی ۱.۸ ملین ہے

زبان

امارات کی سرکاری زبان عربی ہے عام گفتگو میں بھی یہی زبان مروج ہے غیر ملکیوں اور تجارتی امور کے لئے انگلش زبان بھی بولی جاتی ہے اردو بولنے اور سمجھنے والوں کی بہت بڑی تعداد ہے۔

حکومت کا سرکاری مذہب اسلام اور تمام قانونی امور بھی اسلامی نظام کے تحت نمٹائے جاتے ہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں جس طرح اقلیتوں کو تمام حقوق اور آزادی حاصل تھی ویسے ہی اب بھی ہے عیسائیوں اور دوسرے مذاہب کے لوگوں کو اپنے مذہبی فرائض و رسومات کو ادا کرنے کی اجازت ہے

آب و ہوا

متحدہ عرب امارات کا موسم مئی سے دسمبر تک گرم مرطوب رہتا ہے جس میں درجہ حرارت 45.C تک بھی رہتا ہے سردیوں یا بہت زیادہ بارش کے موسم میں کبھی درجہ حرارت کم بھی ہو جاتا ہے

Map shows the seven emirates of the United Arab Emirates and major towns



یہ ممالک زیادہ تر صحرا میں ہی واقع ہیں اس لئے زمین ریتلی ہے اور خلیج عرب کے ساتھ ساتھ ساحلی علاقے ہونے کی وجہ سے شور زدہ بھی ہے اگرچہ ریاست اومان کا ساحلی علاقہ کم ہے لیکن پھر بھی جنوب مشرق اور شمال مغرب کی طرف سے یہ خلیج کے ساتھ ساتھ واقع ہے اس کے علاوہ بے شمار غیر آباد جزیرے بھی ہیں

حکومت

متحدہ عرب امارات کے صدر ابوظہبی کے حکمران شیخ زاید بن سلطان النہیان ہیں انہیں ۱۹۷۱ء میں اس عہدے کے لئے منتخب کیا گیا تھا پانچ سالہ مدت معیار کے سپریم کورٹ کونسل آف رولرز کے سات ممبروں نے انہیں دوبارہ صدر چن لیا تھا اس کے نائب صدر اور وزیراعظم دوسری بڑی ریاست دبئی کے حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم ہیں اکتوبر ۱۹۹۰ء میں انہوں نے اپنے والد شیخ راشد کی جگہ لی تھی

سپریم کونسل آف رولرز ملک کی اعلیٰ پالیسیاں بناتی ہے ان پالیسی میکرز میں متحدہ عرب امارات کے صدر اور ابوظہبی کے حکمران شیخ زائد بن سلطان النہیان، نائب صدر وزیراعظم اور دبئی کے حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم، شارجہ کے حکمران ڈاکٹر شیخ سلطان بن محمد القسیمی، راس الخیمہ کے حکمران شیخ صقر بن محمد القسیمی، ام القوین کے حکمران شیخ راشد بن احمد المعالٰی، عجمان کے حکمران شیخ حمید بن راشد النعامی اور فجیرہ کے حکمران شیخ حماد بن محمد الشرقی کے نام شامل ہیں

ولی عہد اور ڈپٹی رولر شیخ خلیفہ بن زائد النہیان ولی عہد اور ڈپٹی رولر آف ابوظہبی اور مسلح افواج کا سپریم کمانڈر، ڈپٹی سپریم کمانڈر شیخ خالد بن صقر القسیمی، راس الخیمہ کے ولی عہد اور ڈپٹی رولر شیخ سعود بن راشد المعالٰی، ام القوین کے ولی عہد اور ڈپٹی رولر شیخ احمد بن سلطان القسیمی، شارجہ کے ڈپٹی رولر شیخ حماد بن سیف الشرقی، فجیرہ کے ڈپٹی رولر شیخ ناصر بن راشد النعیمی عجمان اور راس الخیمہ کے ڈپٹی رولر شیخ سلطان بن صقر القسیمی، ہیں ریاست کے روزمرہ کے امور کابینہ کے سپرد ہیں جن کی سربراہی وزیراعظم کرتا ہے اس کے ڈپٹی وزیراعظم شیخ سلطان بن زائد النہیان ہیں

FNC انٹرنیشنل پارلیمنٹ یونین کی ہر نشست میں شرکت کر چکی ہے اور اس کے علاوہ بھی جو مجلس ہوئی اس میں بھی شریک ہوئی

اس کونسل نے افریشین پارلیمنٹ یونین کانفرنس جو ۱۹۹۰ء میں قاہرہ میں منعقد ہوئی تھی اس میں بھی حصہ لیا اور اس نے بین الاقوامی قانون دانوں سے رابطہ قائم کیا جن میں امریکہ، یورپین کیمونٹی اور ایران کے قانون دان بھی شامل تھے بہت سے پارلیمانی وفود نے متحدہ عرب امارات کا دورہ کیا۔

کابینہ

موجودہ کابینہ ۱۹۹۰ء میں بنی اس کا حلف صدر ہز ہائی نیس شیخ زائد بن سلطان النہیان نے لیا صدر شیخ زائد بن سلطان نے کابینہ کے اراکین کو تائید کی کہ وہ ایمانداری اور دیانتداری سے ملک اور عوام کے لئے کام کریں آپ نے اہم ملکی امور کی نشاندہی کی اور کہا کہ کابینہ پوری ذمہ داری اپنے کاندھوں پر اٹھائے گی نئی کابینہ ملک کے لئے ایک مضبوط ستون ثابت ہو گی اور ملک و قوم کی بہتری کے لئے بہترین نظام قائم کر دے گی شیخ زائد نے نئے وزیروں سے کہا کہ وہ اپنے آپ کو مثالی شخصیت بنائیں شیخ زائد نے کابینہ کے اراکین سے مزید کہا کہ تمام شہریوں کی نظریں ان پر جمی ہیں اس امید پر کہ وہ ان کی تمام ذمہ داریاں اپنے کاندھوں پر اٹھائیں گے آج آپ اس ملک عوام زمین اور سمندر کے ذمہ دار ہیں اور آپ کی تمام تر وفاداریاں ان کے لئے ہونی چاہئیں آپ صرف صدر یا شیخ مکتوم کی طرف سے ان پر منتخب نہیں کئے گئے بلکہ خدا کی طرف سے بھی آپ پر ان کی ذمہ داری عائد کی گئی ہے شیخ زائد نے اپنے عہد کو دہراتے ہوئے کہا کہ میں اور وزیراعظم بھی اپنے فرائض پوری دیانتداری سے نبھائیں گے

موجودہ نئی کابینہ میں ایک بڑی تبدیلی جو ہوئی تھی وہ یہ تھی کہ ڈاکٹر منی سعید القطیبہ کی جگہ ۴۴ سالہ یوسف بن عمیر بن یوسف کو وزیر پٹرولیم اور قدرتی ذرائع بنا دیا گیا تھا انہوں نے امریکہ سے گریجوایشن کی ڈگری حاصل کی تھی جبکہ ڈاکٹر منی سعید القطیبہ ۱۹۷۱ء سے اس عہدے پر کام کر رہے تھے ڈاکٹر تطیبہ کو اب صدر کا خصوصی مشیر بنا دیا گیا ہے۔

پہلی دفعہ نئی وزارت میں اعلیٰ تعلیم کے لئے گنجائش رکھی گئی ہے متحدہ عرب امارات یونیورسٹی کے چانسلر شیخ نہیان بن مبارک النہیان ہیں۔ اسلامی امور کی وزارت، وزارت انصاف سے الگ رکھی گئی اس کے علاوہ وزیر خارجہ اور وزیر تعلیم بھی نئے منتخب کئے گئے راشد عبداللہ النعیمی کو وزیر خارجہ بنایا گیا بہت مدت بعد اس عہدے پر کسی شخص نے کام کیا تھا کیونکہ پہلے اس پر صرف وزیر مملکت شیخ حماد بن زائد النہیان کام کرتے تھے حماد الدفعی کو وزیر صحت اور وزیر تعلیم کے طور پر منتخب کیا گیا

کابینہ کے انتخاب کے بعد اس کی پہلی میٹنگ میں پانچ کمیٹیاں بنائی گئیں جو کہ دفاع، اندرونی معاملات، پبلک سروس، انفارمیشن، ایجوکیشن اور اعلیٰ تعلیم کے لئے پالیسیاں مرتب کرتی ہیں

ملک کی مسلح افواج کا سپریم کمانڈر صدر ہے جبکہ ڈپٹی سپریم کمانڈر ابوظہبی کے ولی عہد شیخ خلیفہ بن زائد النہیان ہیں وزیر دفاع شیخ محمد بن

راشد المکتوم ہیں

اس ملک کی پارلیمنٹ فیڈرل نیشنل کونسل کے نام سے پہچانی جاتی ہے متحدہ امارات کی اپنی انفرادی حکومت بھی موجود ہے

۱۳ فروری ۱۹۷۲ء کو فیڈرل نیشنل کونسل قائم کی گئی جو کہ قانون سازی کے لئے اور لوگوں کی سیاسی اور معاشی استحکام کے لئے بہترین اقدام تھا

ایف این سی انسٹی ٹیوشن ۴۰ ممبروں پر مشتمل ہے جو ہر امارات کے ممبروں میں چنی گئی تھی ابوظہبی اور دبئی کے آٹھ، آٹھ ممبر ہیں شارجہ اور راس الخیمہ کے چھ، چھ ممبر اور باقی تین ریاستوں ام القوین عجمان اور فجیرہ کے ۴،۴ ممبر ہیں FNC میں ایک سپیکر دو ڈپٹی سپیکر اور دو منتخب نمائندوں پر مشتمل ہے پارلیمنٹ کی ایگزیکٹو کمیٹی کا سربراہ سپیکر ہے اور کونسل انڈر سیکرٹری جنرل اور چار منتخب ممبروں پر مشتمل ہے آٹھ خاص ممبر ہیں جو کونسل کی طرف سے بھیجے گئے لاء اینڈ ڈرافٹ کو پڑھتے ہیں اس ک قانون سازی تعلیم اور معدنیات، زراعت مچھلی کی افزائش اور عوامی سہولیات کے لئے کام کرتے ہیں۔

کونسل کے سیکرٹریٹ کی سربراہی سیکرٹری جنرل کر ہے FNC کے جو ممبر منتخب کئے جاتے ہیں ان کے پاس وزیروں کی طلبی ان کے امور کے متعلق تفصیلات جاننا قانون سازی اور اس میں ترامیم کرنے کے اختیارات ہیں

فیڈرل نیشنل کونسل ایک اہم تنظیم ہے جو اپنے قیام سے اب تک ۱۹۶ وفاقی قانون مسودات اور ۱۵۵ پبلک بلوں پر بحث کر ہے اور اس کے علاوہ سیاسی معاملات کو انصاف اور امن کی بنیادوں پر چلانے اور ہر قسم کے تشدد کو رفع کرنے کے لئے مدد کر چکی ہے

۱۹۷۵ء میں FNC نے عرب پارلیمنٹ یونین میں شرکت کی اور اب تک اپنے دو صدر عرب پارلیمنٹ یونین کو دے چکی ہے FNC عرب پارلیمنٹ یونین کے اندر رہتے ہوئے سیاسی معاملات حل کر چکی ہے اور عربوں کے مقامی بین الاقوامی اتحاد کے لئے FNC نے مرکزی کردار ادا کیا ہے

WELCOME
HIS HIGHNESS
SHEIKH MAKTOUM
BIN RASHID AL MAKTOUM
THE PRIME MINISTER OF U. A. E. ON HIS VISIT
TO PAKISTAN.
WE HOPE HIS VISIT WILL STRENGTHEN THE CLOSE BROTHERLY TIES BETWEEN THE TWO COUNTRIES

From
Ghulam Murtaza-al-Qadri
Chief Executive
G.M. QADRI & SONS (Regd).
KAMOKE Distt Gujranwala PAKISTAN PHONES : (0435) 2244, (042) 354729
BANKERS : National Bank of Pakistan Main Branch Kamoke 0427 Current, Account No. 438-1
MANUFACTURERS OF COMPLETE UNIFORM OF ARMED FORCES,

متحدہ عرب امارات کے ہر دل عزیز صدر

عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان

عالی مرتبت شیخ زاید بن سلطان النہان متحدہ عرب امارات کے صدر ہیں اس کے علاوہ آپ ۱۹۶۶ء سے ابوظہبی پر حکمرانی کر رہے ہیں برطانوی تسلط سے نجات حاصل کرنے کے بعد سب سے پہلے انہوں نے ہی سات سابقہ TRUCIAL ریاستوں کے وفاق پر مبنی ایک ریاست بنانے کا نظریہ پیش کیا تھا۔

شیخ زاید بن سلطان النہان شیخ زاید بن خلیفہ النہان کے پوتے ہیں جنہوں نے ۱۸۵۵ء سے ۱۹۰۹ء تک ان متحدہ ریاستوں پر حکمرانی کی تھی اور تاریخ میں کسی حکمران کے دور حکومت کا سب سے طویل عرصہ ہے ان کے والد شیخ سلطان نے ۱۹۲۲ سے ۱۹۲۶ء تک حکومت کی اس کے بعد تھوڑا عرصہ ان کے چچا نے کار حکومت چلایا اور ۱۹۲۸ء میں شیخ زاید کے بھائی شیخ شجبت برسر اقتدار آئے اس وقت ابوظہبی کی ریاست بھی دوسری TRUCICAL سٹیٹس کی طرح خلیج عرب کے شمالی ساحلوں پر واقع ریاستوں کی طرح برطانیہ کے ساتھ ایک معاہدے میں منسلک تھی

ابوظہبی ایک غیر ترقی یافتہ اور غریب ریاست تھی جس کی معیشت کا انحصار مچھلی اور ساحل کے قریب ملنے والے موتیوں کی فروخت پر تھا بہت محدود پیمانے پر کھیتی باڑی ہوتی لیوا اور العین کے علاقے بھی اس میں شامل تھے

جب ۱۹۰۳ء میں عالمی مارکیٹ میں خلیج کے اعلیٰ کوالٹی کے موتی متعارف ہوئے تو عالمی معیشت پر اس کا گہرا اثر پڑا۔ جاپانیوں نے یہاں سے رنگین موتی بھی دریافت کئے۔ شیخ زاید بن سلطان النہیان کا خاندان بھی متحدہ عرب امارات کے باقی غریب خاندانوں کی طرح کسمپرسی کی زندگی گزار رہا تھا جب شیخ زاید بن سلطان بڑے ہوئے تو ان TRUCIAL STATES میں ایک بھی سکول نہیں تھا اپنے ساتھیوں کی طرح انہوں نے بھی مقامی مبلغ سے صرف اسلامی تعلیم حاصل کی۔ علم کی پیاس انہیں اکثر مجبور کرتی کہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے باہر جائیں لیکن معاشی وسائل اجازت نہیں دیتے تھے اس لئے وہ اکثر صحرا میں نکل جاتے اور وہاں کے قبائلی بدوؤں کی زندگی کا مطالعہ کرتے بدوؤں کی روایتی زندگی ہنر مندی اور دیگر ثقافت کا بنظر غائر جائزہ لیتے کہ کیسے

عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان صدر متحدہ عرب امارات

یہ لوگ تند و تیز ہواؤں اور گرمی کا مقابلہ کرتے ہیں ان ابتدائی سالوں میں شیخ زاید نے اپنے ملک کا نہیں بلکہ عوام کی فطرت کا مطالعہ کیا تھا ۱۹۳۰ء میں جبکہ وہ چھوٹے تھے ان کے بھائی شیخ شخبوت نے ان کے اندر ایک ذہین و فطین شخص کو ڈھونڈ لیا جب غیر ملکی تیل کی کمپنیاں جیالوجیکل سروے کے لئے یہاں آئی تھیں تو شیخ زاید نے ہی صحرا میں ان حصوں کی نشاندہی کی جہاں کہ تیل پایا جا سکتا تھا دوسری جنگ عظیم کے بعد ۱۹۴۶ء میں ان امارات میں سے تیل کی بازیابی کے بعد معاشی حالات بہتر ہونا شروع ہو گئے تھے اس وقت شیخ زاید بن سلطان النہیان کو العین کا حکمران بنا دیا گیا تھا اس وقت یہ علاقہ چھوٹے چھوٹے گاؤں پر مشتمل تھا آج کل یہ ایک شاندار شہر میں تبدیل ہو گئے ہیں اور جس کی آبادی تقریباً" ۲۰۰۰۰۰ نفوس پر مشتمل ہے جب شیخ زاید بن سلطان النہیان نے یہاں کا اقتدار سنبھالا تھا تو سب سے پہلے جس یورپین نے یہاں کا دورہ کیا وہ ایک کمپنی کا نمائندہ ایڈورڈ ہینڈرسن تھا وہ اپنی یادوں کو کھنگالتے ہوئے کہتا ہے کہ شیخ زاید کی عمر اس وقت تیس سال تھی جب میری اس سے پہلی ملاقات ہوئی تھی وہ ایک خوبرو ذہین آنکھوں اور مزاح شخصیت کا مالک تھا وہ سادہ لباس پہنتا اور محسوس ہوتا کہ وہ ملک میں کوئی انقلاب ضرور لائے گا اگرچہ وہ ایک نوجوان شخص تھا اور وہ ابوظہبی اور اردگرد کے علاقوں کا انچارج تھا اسے حکومتی داؤ پیچ بھی بخوبی آتے تھے اور وہ اپنے علاقے کی مشہور نمایاں شخصیت تھا اسے بدوؤں کے متعلق بھی مکمل علم حاصل تھا۔

العین میں حکومت کے دوران انہوں نے اپنی انتظامی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کیا شیخ زاید کو یہ بھی سہولت میسر تھی کہ وہ حکومتی تبدیلیوں کا جائزہ لے سکیں ۱۹۴۰ء سے ۱۹۵۰ء تک انہیں سرحدوں کی کشیدگی اور انہیں سلجھانے کی سیاست کا بھی تجربہ حاصل ہو گیا تھا

صحرائی قبائل شیخ زاید پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے تھے انہیں یقین تھا کہ یہ شخص انہیں عزت و انصاف مہیا کرے گا اسی طرح وہ اپنے بھائیوں کے درمیان پیدا ہونے والے اختلافات کو دور کرتے تھے ان کے تحمل اور بردباری کا ہی نتیجہ ہے کہ آج سات عرب ریاستیں بھائیوں کی طرح اکٹھی ہیں اور وہ ان پر حکمرانی کر رہے ہیں انہوں نے العین میں ترقیاتی کاموں کی رفتار بڑھا دی ہے اور وہاں پانی کی جو دقت تھی اس کے لئے نئے چینل لگوائے ہیں تاکہ علاقے کی زرعی ترقی میں اضافہ ہو سکے العین کو انہوں نے ایک مضبوط ثقافتی مرکز کی حیثیت دے دی ہے اور صحرائی علاقوں میں بھی مارکیٹیں بن گئی ہیں انہوں نے شجر کاری کی تحریک پر بھی زور دیا ہے وہ اس علاقے کو عرب کا سبزہ زار بنانا چاہتے ہیں۔

۱۹۵۳ء میں شیخ زاید نے اپنے بھائی کے ساتھ پہلی دفعہ یورپ کا دورہ کیا تھا وہ کہتے ہیں کہ میں وہاں کے سکولوں کالجوں اور ہسپتالوں کو دیکھ کر بہت متاثر ہوا تھا۔ میں نے سوچا تھا کہ مستقبل میں میں بھی اپنے عوام کو یہی سہولیات فراہم کروں گا۔"

مقامی لوگوں کو ان پر اور ان کے بھائی ... مکمل اعتماد تھا ۲۰ سالہ دوران گورنری شیخ زاید ... نے ناکافی ذرائع ہونے کے باوجود اپنے علاقے ... فلاح و بہبود کے لئے بہت کام کیا وہ بہت جلد اپنے ... علاقے کو ترقی دینے میں کامیاب ہو گئے

ابوظہبی میں پہلی بار کمرشل مقدار میں تیل ... ۱۹۵۸ء میں نکلا ۱۹۶۲ء میں اسے باہر کے ممالک ... ایکسپورٹ کیا جانے لگا اور اس سے ان ریاستوں ... میں غیر ملکی سرمایہ کی آمد سے خوشحالی پیدا ہو گئی ... اور اب ایجنسی کو ایک نئے چیلنج کا سامنا تھا ... اگست ۱۹۶۶ء کو النہیان خاندان نے شیخ زاید بن ... سلطان کو ابوظہبی کے حکمران کے طور منتخب کرایا ... تیلی دریافت کے بعد یہاں ترقی کی رفتار بڑھ ... گئی انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے ... عوام کی خدمت کریں گے اور ابوظہبی کے پارکوں ... اور باغوں کی خوبصورتی ہر دیکھنے والے کا دل موہ ... لیتی ہے اور اب اسے "خلیج کا باغوں کا شہر" کہا ... جاتا ہے

یہ سب ترقی شیخ زاید بن سلطان کی ذاتی توجہ ... اور نگرانی کی وجہ سے ہو رہی ہے انہوں نے اپنے ... عوام کو ترقی دینے میں مالی امداد بھی کی ہے انہوں ... نے صحرا کے قبائلی لوگوں کے مسائل حل کرنے ... کے لئے صحرا میں بھی اپنے آفس قائم کئے ہوئے ... ہیں وہ اپنی عوام کی رائے کو اہمیت دیتے ہیں اور ...

جاپانیوں نے یہاں رنگین موتی دریافت کئے

ان کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں

عرب اتحاد کے لئے انہوں نے بے شمار کام کیا ہے وہ اپنے عرب ساتھیوں کے مسائل حل کرنے اور ان کی ترقی میں ہر ممکنہ تعاون کرنے میں مدد دیتے ہیں انہوں نے عرب گلف کو آپریشن کونسل قائم کرنے کی بھی بھرپور حمایت کی تھی (اے جی سی سی) یو اے ای کویت' سعودی' عرب' بحرین' قطر اور اومان کی ریاستوں پر مشتمل ہے وہ مصر کو عرب لیگ میں شامل کرنے اور لبنان کی خانہ جنگی کو ختم کروانے میں بھی اہم کردار ادا کر رہے ہیں ۲ اگست ۱۹۹۰ء میں عراق کے کویت پر حملے کی صورت میں شیخ زاید نے متحدہ عرب امارات اور (AGCC) کی طرف سے کویت کی مکمل حمایت کرنے کا اعلان کیا تھا اب شیخ زاید مصر اور شام کے اتحادیوں کے طور پر کام کر رہے ہیں اور ان زخموں کا علاج کر رہے ہیں جو کہ عراقی حملے کے دوران ان ممالک کو لگے تھے

شیخ زاید عرب نیشنلسٹ کے طور پر نہیں بلکہ ایک سچے مسلمان کی حیثیت سے کام کر رہے ہیں ان کی پالیسی ہے کہ وہ غریب اور پسماندہ ممالک کی امداد کریں ۱۹۶۶ء میں ابوظہبی کا حکمران بننے کے بعد انہوں نے فلسطینیوں کی جلا وطنی حکومت کو تسلیم کر لیا تھا وہ مڈل ایسٹ میں فلسطینیوں کے حقوق اور جدوجہد آزادی کی بھرپور حمایت کر رہے تھے تقریباً" ۵ بلین ڈالر انہوں نے سرحدوں کی حفاظت اور مسلمانوں ممالک کی امداد کے لئے وقف کر رکھے ہیں

چونکہ شیخ زاید خود غربت اور بھوک کے دور سے گزر چکے ہیں اس لئے انہیں احساس ہے کہ ترقی پزیر ممالک کے افراد کیسے گزارا کرتے ہیں

اب اُن کا شمار دنیا کے تیل پیدا کرنے والے بڑے ممالک میں شامل ہے اور وہ اس کے صدر ہیں اوپیک کے صدر ہونے کی حیثیت سے بھی وہ انٹرنیشنل آئل پالیسی پر اثر انداز ہوتے ہیں

ان کی پالیسی یہ بھی ہے کہ دنیا کے ہر چھوٹے ملک سے دوستانہ تعلقات رکھنے چاہئیں تقریباً" چوتھائی صدی سے شیخ زاید بن سلطان ابوظہبی پر حکمرانی کر رہے ہیں اور اب بیس سال سے وہ متحدہ عرب امارات کے صدر ہیں وہ یورپ' ایشیاء' افریقہ اور عرب کے تمام لیڈروں سے مذاکرات کرتے رہتے ہیں وہ اپنے ملک کے لوگوں کے علاوہ دوسرے ممالک کے لوگون کی بھی امداد کرنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں وہ نہ صرف اپنی عوام کے بلکہ تمام عرب دنیا کے ترجمان ہیں

ملک میں سڑکیں' سکول' مکانات اور ہسپتال بنائیں گے انہوں نے خلیج کی باقی ریاستوں کے ساتھ بھی دوستانہ تعلقات قائم کئے اور جب ۱۹۶۸ء میں برطانیہ نے اعلان کیا کہ وہ خلیجی ممالک سے اپنا معاہدہ ختم کر رہا ہے تو انہوں نے ۱۹۷۱ء میں باقی ریاستوں کو متحد کر کے متحدہ عرب امارات کے نام سے ایک نئی مملکت کا اعلان کر دیا اور شیخ زاید بن سلطان اس نئی سلطنت کے پہلے صدر منتخب ہوئے اور تاحال اس عہدے پر کام کر رہے ہیں ۲ دسمبر ۱۹۷۱ء کو اس نئی مملکت کا پہلا جھنڈا لہرایا گیا تو ان سات خود مختار ریاستوں نے ترقی کی ایک نئی تاریخ رقم کرنی شروع کی ۲۱ سال کے بعد پہلے قومی دن کے موقع پر حقیقتاً" یہ ریاستیں مکمل طور پر تبدیل ہو چکی تھیں ۱۹۷۱ء میں اس کی آبادی ۱۸۰۰۰۰ تھی جبکہ اب ۱.۸ ملین نفوس پر مشتمل ہے تقریباً" ۳۰۰۰۰۰ طلبہ سکولوں میں زیر تعلیم تھے صحرا' گاؤں اور شہروں میں ۳۵۰۰۰۰ سکول تعمیر کئے گئے ہیں اور تقریباً" ۱۰۰۰۰ طلبہ اعلی تعلیم حاصل کر رہے ہیں جس میں سے بیشتر متحدہ عرب امارات کی یونیورسٹی میں زیر تعلیم ہیں شیخ زاید کہتے ہیں کہ یہی ہماری قوم کا اصل سرمایہ ہے شیخ زاید نے اپنے ملک کے ہر فرد کو ہر ممکنہ سہولیات دینے کا عزم کیا ہوا ہے اور اس میں خواتین کو بھی وہی حقوق حاصل ہیں جو کہ مردوں کو ان کے کہنے کے مطابق کہ "عورتوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ ہر جگہ کام کر سکتی ہیں" انہوں نے کہا کہ اسلام خواتین کو تمام جائز حقوق دیتا ہے اور مختلف سیکٹروں میں ان کے کام کرنے پر بھی پابندی نہیں ہے اگرچہ خواتین کا بنیادی کردار یہ ہے کہ وہ بچوں کی اچھی پرورش و تربیت کریں لیکن ہمیں انہیں یہ موقع دینا چاہئے کہ وہ ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کر سکیں۔"

متحدہ عرب امارات میں خواتین اب کامرس' بینکنگ ایجوکیشن اور ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں کام کر رہی ہیں اور وہ معاشرے کی ترقی کے لئے مردوں کے شانہ بشانہ کام کر رہی ہیں کویت کی لڑائی کے دوران خواتین کو خصوصی ملٹری ٹریننگ دی گئی اور پہلی دفعہ خواتین کا ملٹری یونٹ بنا متحدہ عرب امارات میں آپ کو اب زندگی کے ہر پہلو میں ترقی نظر آئے گی اس میں سکول سماجی ادارے مکانات وغیرہ بھی جدید بنیادوں پر تعمیر کئے گئے ہیں زراعت و صنعت و حرفت میں بھی آپ کو ہر جگہ ترقی نظر آئے گی تقریباً" ۱۰۰۰۰۰ ہیکٹر علاقے میں کھیتی باڑی کی جا رہی ہے اور ۵۶ ملین درخت اور ۱۲ ملین پام کے درخت صحرا میں لگائے گئے ہیں

شیخ زاید کا العین کو سبزہ زار بنانے کا خواب پورا ہو چکا ہے اور انہوں نے صحرا کو بھی ایک خوبصورت اور پر فضا مقام بنا دیا ہے۔

صحت' تعمیرات اور ہاؤسنگ کے شعبوں میں بھی اسی طرح خاطر خواہ ترقیاتی اقدامات کئے گئے ہیں جب مملکت کا قیام عمل میں آیا اس وقت بہت سے لوگ روایتی تعمیر کے گھروں میں رہتے

تھے جو ٹینٹوں پتوں اور کھجور کے جھونپڑوں پر مشتمل تھیں جبکہ آج آبادی کا حصہ خوبصورت کوٹھیوں، بنگلوں، فلیٹوں اور عالیشان کثیر المنزلہ عمارتوں کا احاطہ کئے ہوئے ہیں گزشتہ دہائیوں میں ۵۰ ہزار سے زائد بنے بنائے گھر لوگوں کو مفت تقسیم کئے گئے ہیں عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان کی خارجہ پالیسی متوازن اور غیر جانبدار ہے جو تمام علاقائی مسائل کے سیاسی حل اور دوسرے ممالک میں عدم مداخلت پر دلالت کرتی ہے متحدہ عرب امارات کے اس وقت ۱۰۴ سے زائد ممالک کیساتھ سفارتی تعلقات قائم ہیں متعدد مواقع پر متحدہ عرب امارات نے ایک ملک کی کسی دوسرے پر جارحیت کے خلاف آواز اٹھائی ہے اگرچہ متحدہ عرب امارات نے کویت پر عراقی قبضے کی شدید مخالفت کی تاہم اس نے اس مسئلے کے سیاسی حل کی ضرورت پر زور دیا مگر جب عراقی حکومت کی طرف سے مصالحت کی تمام اپیلیں مسترد کر دی گئیں تو متحدہ امارات نے کویت کی آزادی کے لئے عالمی اتحاد کا ساتھ دیا اور جب کویت کو عراق کے سات ماہ کے غاصبانہ قبضے سے آزاد کرایا گیا تو شیخ زید بن سلطان النہیان وہ پہلے عرب لیڈر تھے جو کویت جا کر کویتی عوام کی خوشیوں میں شریک ہوئے۔ خلیج کے بحران کے سنگین اثرات کے باوجود عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان نے حقیقت پسندانہ طرز عمل اختیار کیا ہوئے بحران کی سنگینی سے نمٹنے کے لئے مسلم اتحاد کی ضرورت پر زور دیا ان کے خیال میں عرب اقوام کے لئے بحران کی سنگینی سے نکل کر خوش آئند مستقبل کی بڑھنے کا یہ سب سے بہتر راستہ ہے۔

عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان نے متعدد بار عرب ممالک کو ایک دوسرے سے قریب تر قریب لانے میں عملی کوششیں کیں جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عرب ممالک نے اتحاد کی اہمیت کو محسوس کرنا شروع کر دیا متحدہ عرب امارات کی فیڈریشن کے دیرینہ خواب کی تعبیر حاصل کرنے کے بعد انہوں نے واضح طور پر عندیہ دیا کہ اتحاد کے معاملے میں ان کی خواہشات اس سے کہیں زیادہ ہیں کشمیر کے مسئلے پر متحدہ عرب امارات نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں یہ کہہ کر اپنی پوزیشن بالکل واضح کر دی ہے کہ وہ مشرق وسطی کے مسئلے کے پر امن حل کے لئے بیت المقدس سمیت مقبوضہ عرب علاقوں سے اسرائیل کا انخلاء چاہتا ہے اور فلسطینیوں کی آزاد ریاست کے قیام کے لئے ان کے حق خوداراویت کی زبردست حمایت کرتا ہے

ابو ظہبی ڈویلپمنٹ فنڈ کے تحت متحدہ عرب امارات نے ایشیاء اور افریقہ کے (ساٹھ) ۶۰ سے زائد ممالک کو اقتصادی امداد فراہم کی جس کی مجموعی مالیت ۸۲ بلین درہم ہے جو چھ سال کے عرصہ میں ترقیاتی منصوبوں کے لئے فراہم کی گئی ہے

بین الاقوامی تنازعات کے سلسلے میں متحدہ امارات دو بڑی طاقتوں کے درمیان سرد جنگ کے خاتمے کا خیر مقدم کرتا ہے اور امید کرتا ہے کہ آنے والا وقت محاذ آرائی کی بجائے مسائل کے پرامن حل کا آئینہ دار ہو گا۔ متحدہ عرب امارات کے لئے اس وقت جو امور باعث تشویش ہیں ان میں ماحولیاتی آلودگی، منشیات، انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں اور سماجی انصاف شامل ہیں۔ پاکستان کے ساتھ ہمارے تعلقات برادرانہ ہیں جو گزشتہ سالوں کے دوران مستحکم ہوتے رہے ہیں دونوں ممالک کے درمیان مثالی تعلقات قائم ہیں جو مذہبی تاریخی اور سماجی اعتبار سے مضبوط جڑیں رکھتے ہیں

تمام علاقائی اور بین الاقوامی معاملات میں ہمارا نقطہ نظر بڑا واضح اور صاف ہے اور ہم دو طرفہ تعلقات کے استحکام کے ذریعے اقتصادی تجارتی اور سرمایہ کاری کی نئی جہتوں کے حامی ہیں۔

پاکستان میں متحدہ عرب امارات مختلف شعبوں کی ترقی بھرپور میں حصہ لے رہا ہے جن میں تیل کی تلاش، پٹرولیم، صنعتیں اور فرٹیلائزر شامل ہیں

شیخ زید کی قیادت نے متحدہ عرب امارات کو خوبصورت کثیر المنزلہ عمارتوں کا ملک بنا دیا ہے

اس سلسلہ میں ۱۹۷۹ء میں ایک مشترکہ وزارتی کمیٹی قائم کی گئی تھی جو معاہدوں پر عملدر آمد کے علاوہ متعدد زیر تکمیل مشترکہ منصوبوں کے کام کی رفتار کا جائزہ لیتی ہے۔ واضح رہے اس اعلی وزارتی کمیٹی کا اجلاس پچھلے چند ماہ قبل پاکستان اسلام آباد میں منعقد ہوا دونوں برادر ملکوں کے درمیان مختلف شعبوں میں خصوصاً تجارت اور صنعت میں مشترکہ سرمایہ کاری کے منصوبوں کی تکمیل کے لئے مخصوص اقدامات اور اہم فیصلے کئے گئے ہیں یو اے ای کے کئی اہم سرمایہ کار پاکستان میں مختلف منصوبوں پر سرمایہ کاری کر رہے ہیں جن میں العظیم گروپ آف دبئ قابل ذکر ہے۔





متحدہ عرب امارات کے ارکان کابینہ

متحدہ عرب امارات کی نئی کونسل آف منسٹرز نے ۲۰ نومبر ۱۹۹۰ء کو حلف اٹھایا پہلی کابینہ دس سال کے لئے منتخب کی گئی تھی نئی کابینہ نے دبئی کے موجودہ حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم کو ان کے باپ شیخ راشد بن سعید لمکتوم کی وفات اکتوبر ۱۹۹۰ء کے بعد۔ متحدہ امارات کے نائب صدر اور وزیراعظم کے طور پر منتخب کیا تھا

نمبرشمار	عہدہ	نام
1۔	وزیراعظم	ہزہائی نس شیخ مکتوم بن راشد المکتوم
2۔	نائب وزیراعظم	شیخ سلطان بن زائد النہیان
3۔	وزیر فنانس اینڈ انڈسٹری	شیخ حماد بن راشد المکتوم
4۔	وزیر دفاع	شیخ محمد بن راشد المکتوم
5۔	وزیر داخلہ امور	حامودا بن علی
6۔	وزیر خارجہ	راشد عبد اللہ النعامی
7۔	وزیر کیمونی کیشن	محمد سعید المعائی
8۔	وزیر منصوبہ بندی	شیخ حمید بن احمد المعائی
9۔	وزیر اسلامک افیرز	شیخ محمد احمد الحرزاجی

10۔	وزیر بجلی وپانی	حمید بن ناصر الاویس
11۔	وزیر اکانومی اینڈ کامرس	سعید گوباش
12۔	وزیر زراعت و ماہی پروری	سعید الرگبانی
13۔	وزیر سوشل' لیبر افیرز	سیف العبروان
14۔	وزیر مملکت کینبٹ افیرز	سعید الفائتی
15۔	وزیر تعلیم	حماد عبد الرحمن المدافعی
16۔	وزیر مملکت فنانشل اور انڈسٹریل افیرز	احمد بن حمید الطائر
17۔	وزیر مملکت خارجہ امور	شیخ حمدان بن زاید النہیان
18۔	وزیر مملکت سپریم کونسل افیرز	شیخ محمد بن تقربن محمد القسیمی
19۔	وزیر انصاف	عبد اللہ بن عمران طارئم
20۔	وزیر صحت	احمد بن سعید البدلیعی
21۔	وزیر پٹرولیم اینڈ منرل ایسورسز	یوسف بن عمیر بن یوسف
22۔	وزیر پبلک ورکس اینڈ ہاؤسنگ	رکھد بن سلیم بن رکھد
23۔	وزیر یوتھ اینڈ سپورٹس	شیخ فیصل بن خالد بن محمد القسیمی

His Royal Highness Sheikh Makhtoum Bin Rashid Al-Makhtoum Vice President & Prime Minister Of UAE Ruler Of Dubai

متحدہ عرب ریاستیں ایک نظر میں

متحدہ عرب امارات کا وفاق خلیج کی سات امارتوں پر مشتمل ہے جن کے نام ابوظہبی دوبئ راس الخیمہ، شارجہ، ام القوین، عمان اور فجیرہ ہیں ذیل میں قارئین کی معلومات کے لئے ان امارات کا مختصر تعارف پیش کیا جارہا ہے

ابوظہبی

ابوظہبی کی امارات متحدہ امارات میں شامل سات امارتوں میں سب سے بڑی ہے ملک کے کل تیس ہزار مربع میل رقبے میں صرف اس کا رقبہ ۲۶ ہزار میل ہے آبادی دسمبر ۸۵ کی مردم شماری کے مطابق ۶۷۰۱۲۵ تھی لیکن اب ۸ لاکھ سے زائد ہے ۶۶ء سے اس کے حکمران عالی مرتب شیخ زاید بن سان النہیان ہیں جو ۷۱ء سے متحدہ عرب امارات کے بھی صدر ہیں

یہ پہلی امارت ہے جس نے ۶۲ء میں تیل منتقل کرنا شروع کیا تھا اور اب بھی تیل کی دولت سے مالا مال چار امارات میں تیل کی پیداوار کا سب سے بڑا مرکز ہے ابو ظہبی کو ایک واضح سیاسی وحدت کی حیثیت سترہویں صدی کے وسط میں حاصل ہوئی جب خود ابو ظہبی شہر کی بنیاد رکھی گئی تھی اس کا طویل سمندری ساحل مغرب میں جزیرہ نمائے قطر کے زیریں حصے سے شروع ہو کر شمال مشرق میں دوبئ کی امارات کی سرحد تک پھیلا ہوا ہے جس کی بدولت اسے جنوبی خلیج کے نایاب پانیوں تک رسائی اور کنٹرول حاصل ہے یہ پانی اس علاقے میں موتیوں کی نہایت اہم ذخیرہ گاہ تھا جس کے ذریعہ امارات کے حکمرانوں کو اپنی آمدنی کا زیادہ حصہ حاصل ہوتا تھا آج یہ پانی جنوبی خلیج میں تیل کے ساحلی کنوؤں پر محیط ہے

چند عشرے پہلے ابو ظہبی کا شہر ایک چھوٹے گاؤں کی طرح تھا اور اس کے مکین اس کی سخت آب و ہوا کی سختیوں کے علاوہ غربت کی چکی میں بھی پس رہے تھے ۱۹۵۰ء کے عشرے کے آخری برسوں میں اس امارات کا پہلا جدید سکول قائم ہوا ۷۱ء کے اواخر میں خلیج کے والی کے برطانوی اعلان کے بعد شیخ زاید نے دوبئ کے حکمران عالی مرتب شیخ راشد بن سعید المکتوم کے ساتھ مل کر اپنی امارتوں کا وفاق قائم کیا اور اس علاقے کی دوسری ریاستوں کو اشتراک و اتحاد کی دعوت دی اس طرح ۷۱ء میں متحدہ عرب امارات کا قیام عمل میں آیا

امارات میں آبادی کا سب سے بڑا مرکز خود شہر ابو ظہبی ہے جو متحدہ عرب امارات کا وفاقی دارالحکومت بھی ہے اس کی آبادی قریباً" چار لاکھ ہے امارت کی کاروباری اور سرکاری سرگرمیوں کا مرکز ابو ظہبی ہے یہیں امارت کی آٹھ آپریٹنگ کمپنیوں کے ہیڈکوارٹرز ہیں یہاں اعلیٰ درجے کے ہوٹل بھی ہیں جن کی نگران ابو ظہبی نیشنل ہوٹلز کمپنی بننے کی اہم تبدیلی کا سہرا اس کے ہردلعزیز حکمران شیخ زاید کے سر ہے

دوبئی

دوبئی کی امارت جس کا بڑا حصہ ابو ظہبی اور شارجہ کی امارتوں کے درمیان خلیج عرب کے ساحل پر واقع ہے متحدہ عرب امارات میں شامل خلیج عرب کے ساحل پر واقع ہے متحدہ عرب امارات میں شامل سات امارتوں میں سے سب سے بڑی امارت ہے۔ اس کا کل رقبہ ۱۵۰۰ مربع میل ہے اور ایک واحد بلاک کی صورت ہیں۔ اس کے حکمران شیخ مکتوم بن راشد المکتوم ہیں جو ۹۰ء میں اپنے والد شیخ راشد کے جانشین بنے تھے۔ آپ متحدہ عرب امارات کے وفاق کے نائب صدر اور وزیراعظم بھی ہیں۔ دوبئی کی بندرگاہوں کے ذریعہ ملک کی ۷۰ فیصد درآمدات آتی ہیں۔ دوبئی کا بین الاقوامی ہوائی اڈہ جنوبی خلیج کا مصروف ترین اڈہ ہے۔ تجارت اور بینکنگ کے گوناگوں اداروں نے دوبئی کو اپنا مرکز بنا رکھا ہے۔ جس کے نتیجے میں دوبئی متحدہ عرب امارات کا ایک اہم شہر ہمالن پورے مشرق وسطی میں کلیدی تجارتی مرکز بھی بن چکا ہے۔ اس امارت کی حقیقی ترقی اس صدی کے ابتدائی برسوں میں شروع ہوئی۔ جب شیخ راشد کے جد امجد نے برطانیہ اور انڈیا کے درمیان جہاز رانی کی منتظم شپنگ لائنز کو اس امر پر آمادہ کیا کہ وہ دوبئی کو اپنے بحری سفر کی ایک اہم بندرگاہ کا درجہ دیں۔ ۱۹۵۰ء کے عشرے کے دوران میں شیخ راشد نے امارات کے ترقیاتی منصوبوں کا چارج سرگرمی سے سنبھالا اور ایک پولیس فورس اور ایک کسٹمز فورس قائم کی اور برصغیر کے ممالک کے ساتھ تجارت کے فروغ کے لئے اقدامات کئے۔ جب ۱۹۶۰ء کے عشرے کے اوائل میں یہاں تیل نکلا تو ان کی دور اندیشی بار آور ہوئی کیونکہ دوبئی کے بنیادی انفراسٹرکچر پر کام پہلے ہی جاری تھا۔ اپنی قدرتی خوبصورتی کے سبب پہلے دوبئی کو "گلف کی وینس" کہا جاتا تھا۔ لیکن اب ترقی کے ایک ماسٹر پلان پر عملدر آمد کی بدولت توقع ہے۔ کہ ۲۰۰۰ء تک یہ شہر باغات کا شہر بن جائے گا۔

راس الخیمہ

راس الخیمہ کی امارت متحدہ عرب امارات کے ساحل کے انتہائی شمال میں واقع ہے اس کے قریب ہی ہرمزکی اہم کھائی ہے اس علاقے کی تاریخ ہزاروں سال پرانی ہے ان دنوں اس کے عرب کے ساحل پر واقع ہے۔ حالیہ مردم شماری کے مطابق ام القوین کی کل آبادی ۲۹۲۲۹ ہے۔ اگرچہ دارالحکومت ام القوین میں خلیج کے دوسرے ساحلی سہروں جیسی گہما گہمی نہیں ہے تاہم اس میں تمام جدید سروسز اور سہولتیں موجود ہیں۔

شارجہ

شارجہ کی امارت متحدہ عرب امارات کے نہایت تیزی سے ترقی کرنے والے حصوں میں سے حکمران عالی حبت شیخ نقربن محمد القیسمی ہیں جو ۱۹۴۸ء سے اس امارت کی قیادت کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ اور انہوں نے اس امارت کی دور افتادہ اور نہایت مختصر آبادی والی بستیوں کو جدید تہذیب کی ثمرات سے بہرہ ور کیا ہے۔ امارت کے دارالحکومت سے تھوڑے فاصلے پر ہی ایک جدید زرعی فارم ہے جس کی بدولت یہ امارت متحدہ عرب امارات کا اہم زرعی مرکز بن چکی ہے۔ ۱۹۹۰ء کے عشرہ میں جب ابو ظہبی اور دوبئی کی بڑی اور متمول تر امارتوں کو تیل اور گیس سے ہونے والی آمدنی میں اچانک کمی کا سامنا کرنا پڑا خوش قسمتی سے صالح کے ساحلی علاقے میں تیل نکل آیا جس سے راس الخیمہ کو آمدنی کا ایک اچھا ذریعہ حاصل ہو گیا۔ اس کے حکمران کی خواہش ہے کہ وفاق کے قیام کے بعد اس علاقے کے لوگوں کو جو فوائد حاصل ہوئے ہیں راس الخیمہ کے عوام ان سے بدستور متمتع ہوئے ہیں۔

ام القوین

ام القوین کی امارت ابو ظہبی کے سوا دوسری امارتوں کے برعکس زمین کے واحد ٹکڑے پر مشتمل ہے اس کے دارالحکومت کا بھی یہی نام ہے اس کے حکمران عالی مرتبت شیخ راشید بن المد اور یہ خلیج عرب کے ساحل پر المولا ہیں اور یہ خلیج ایک ہے اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ شارجہ کے ساحلی علاقے میں گیس اور کنڈینٹ فیلڈ سے کامیابی سے استفادہ کیا گیا۔ اس امارت کے نیک دل حکمران شیخ ڈاکٹر سلطان بن محمد القاسمی زراعت اور علاقے کے ثقافتی ورثہ میں گہری دلچسپی لیتے ہیں۔ اہم زرعی مرکز ضائد کے نخلستان کے گردو نواح میں ہے۔ یہاں گیس کو سیال بنانے کا کارخانہ بھی ہے۔ شارجہ سیاحت کو ترقی دینے کے لئے بھی بھرپور اقدامات کر رہا ہے۔ جن کی بدولت متحدہ عرب امارات کے علاوہ دوسرے علاقوں سے بھی سیاح بھاری تعداد میں آتے ہیں۔ کرکٹ کی دنیا میں شارجہ کرکٹ کپ بین الاقوامی شہرت اختیار کر گیا ہے۔ ہر سال ہزاروں کرکٹ شوقین شارجہ ٹرافی کپ دیکھنے کے لئے شارجہ آتے ہیں

عجمان

عمان کی امارت متحدہ عرب امارات کے وفاق کی سب سے چھوٹی امارت ہے۔ اپنے کم رقبے کے باوجود اس نے جنوب مشرقی جزیرہ نمائے عرب کی سیاست میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس کے نیک دل ہر دلعزیز حکمران عالی مرتبت شیخ حماد بن راشد النعیمی ہیں آثار قدیمہ کی تحقیق کے حالیہ انکشافات سے پتہ چلا ہے کہ یہ چار ہزار سال قبل کانسی کے دور کی ایک اہم بستی تھی عمان اگرچہ اپنا

H. H. SHAIKH HUMAID BIN RASHID AL NUAIMI THE RULER OF AJMAN & DEPENDENCIES

H. H. SHAIKH DR. SULTAN BIN MOHAMMED AL QASSEMI RULER OF SHARJAH & DEPENDENCIES

H. H. SHAIKH MAKTOUM BIN RASHID AL MAKTOUM VICE PRESIDENT AND PRIME MINISTER OF THE UNITED ARAB EMIRATES AND RULER OF DUBAI

H. H. SHAIKH HAMAD BIN MOHAMMED AL SHARQI THE RULER OF FUJAIRAH

H. H. SHAIKH SAQR BIN MOHAMMED AL QASIMI RULER OF RAS AL KHAIMAH

H. H. SHAIKH RASHID BIN AHMED AL MOALLA THE RULER OF UMM AL QUWAIN

رقبہ کم ہونے کے باعث لمبے چوڑے ترقیاتی منصوبے مرتب نہیں کر سکتی تاہم متحدہ عرب امارات کے وفاق کے قیام کے بعد ترقی کے راستے پر تیزی سے گامزن ہے۔

فجیرہ کی امارت سے سات امارتوں میں منفرد حیثیت کی حامل ہے۔ اس کا ساحلی علاقہ خلیج عرب سے نہیں بلکہ خلیج اومان سے ملتا ہے۔ اس امارت کے حکمران عالی مرتبت شیخ حامد بن محمد السرکی ہیں مئی ۱۹۸۱ء میں عرب گلف کو آپریشن کونسل کے قیام کے بعد فجیرہ کی ایک خصوصیت اس کا بین الاقوامی ہوائی اڈہ ہے جو اگست ۸۶ء میں مکمل ہوا تھا اور جہاں دنیا کے سب سے بڑے مسافر اور بار بردار طیارے بھی آ جا سکتے ہیں۔ اگرچہ اب بھی اس علاقے میں زراعت اور ماہی گیری کو بڑی اہمیت حاصل ہے اور حکومت سیاحت کی ترقی کے لئے بھی بڑی کوششیں کر رہی ہے۔ مستقبل میں امارت کو اس کی علاقائی حیثیت کی بدولت مزید اہمیت حاصل ہونے کی توقع ہے۔

a follow-up conference to be held in Dubai later this year. The interest in the UAE elicited by the new investment climate is already being expressed in positive terms a petroleum company in Sharjah plans to set up a hydro-cracker plant near Karachi and there are indications that other investors will be taking up other opportunities soon.

Many would be seeking guidance and advice from the three UAE banks operating in Pakistan. Besides contributing to Pakistan's development effort, these banks foster trade between the two countries, serve to encougage good relations between Pakistani exporters and UAE importers, and have the knowledge and capability to catalyse new ventures for UAE businessmen interested in investing in Pakistan. The UAE banks in Pakistan represent in many ways the second half of an equation completed by two Pakistani banks and an exchange company operating in the UAE. Although they are by no means the only recipients of the savings and remittances of 250,000 Pakistanis living and working in the UAE, they serve to symbolise the vital importance to Pakistan of the 150 million dollars that its nationals send to the home country from the UAE every year.

JOINT VENTURES

Joint ventures are both a consequence and catalyst of economic co-operation between the UAE and Pakistan. On the one hand they are the result of a conscious decision to blend the economic interests of the still wider co-operation which is both a political and economic goal of UAE - Pakistan friendship. The earliest joint venture, Pak-Arab Fertilizer Company (PAFCO) dates back to November 1973 and it was set up to provide imputs to Pakistan's very extensive agricultural sector. With a large and ready domestic market, the venture has proved to be a feasible one, basing its profitability on the annual production of 450,000 tons of ammonium nitrate, 305,000 tons of nitro-phosphate and 59,000 tons of urea.

The second major UAE-Pakistan joint venture followed six months later with the establishment fo the Pak-Arab Refinery Co. (PARCO) which is based in Multan with a 864 km pipeline connection to Karachi. Again a project that while answering Pakistan's need satisfies the UAE investment requirement, PARCO has the capacity to produce 2.9 million tons of diesel and kerosene. The success of the venture can be gauged from the fact that an expansion is underway which will enhance the production capacity to 4.5 million tons. A second oil refinery is now to be built under a UAE - Pakistan joint venture agreement which will also have a 4.5 million tons capacity and be intended to answer the fuel needs of Northern Pakistan.

AGRICULTURAL CO-OPERATION

For all its hopes and aspiratins in the industrial sector, Pakistan remains primarily an agricultural country. More than 80% of its people draw theior sustenance from the land but as a consequence have knowledge and experience of farming which can be extremely useful to a country like the UAE which is trying to develop its nascent agricultural capability to a stage where it can attain a measure of self-sufficiency. Though less than three percent of its land is arable, the Emirates has an ambitious food production programme which extends, besides agriculture, to horticulture, poultry and animal husbandry. Besides considerable investment aimed at overcoming the inherent drawbacks of A desert country, the UAE remains in constant need of expertise and trained manpower in almost all sectors of food production. As a close neighbour endowed with the bounties of nature and vast reservoir of skilled manpower, Pakistan is well placed to meet many of the UAE's requirements. The potential for collaboration has been well defined in a protocol on agricultural co-operation signed in February 1983 during the course of an official visit to Pakistan by the UAE Minister for Agriculture and Fisheries, Saeed Al Raqabani. The protocol set both the standards and parameters of co-operation which now covers exchange of experts in agriculture and fisheries, in dairy farming, and of technical and scientific information. The UAE has also been availing of Pakistan's well established infrastructure of agricultural and allied training

institues. While the country is still a long way from complete food self sufficiency, the progress it has been able to make, particularly in the fisheries and horticultural sectors where much of the manpower is Pakistani, is due in some measures co-operation with friendly countries.

Transport & Communications

With over a quarter of a million Pakistanis living and working in the UAE, transport and communication play a vital part not only in inter-governmental relations but also at the people's level. The close proximity of the two countries - Dubai is closer to karachi than many northern parts of Pakistan - plus the fact that many Pakistan employed in the UAE are entitled to travel home at the cost of their employers - means that people are constantly going back and forth between the two countries. One of the first essentials of formal relations was therefore the conclusion of a bilateral air services agreement.

The volume of travel between the UAE and Pakistan has been both the cause and effect of rapidly development of services by the national carriers of the two countries. Indeed it can be claimed that UAE-Pakistan travel has, to a considerable extent, inspired the development of the UAE's aviation industry which has emerged in recent years as one of the most advanced and sophisticated in the entire region. Four of the five international airports of the country are linked by direct services with Pakistan, operated by the two UAE national carriers, Gulf Air and Emirates, and PIA. Complementary but no less important is the telecommunications link between the two countries which enables not only families and friends but also officials and businessmen to keep in touch with one another. the importance of telephone, fax and telex facilities widly used by both sides has increased with the expansion of trade, with the increase in the Pakistani population in the UAE and with the countinuous development of economic and other relations. A landmark in their development came with 1983 agreement for the laying of a thousand kilometre long undersea co-axial cable from Fujairah to Karachi. This joint project costing $50 million came into operation in 1985, vastly improving and extending telephone and telex facilities. The cable provided 12,000 channels of communication, due to be expanded to 18,000 links. One of the biggest advantages to Pakistan of the co-axial cable is that it facilitates direct dialling between that country and the United States and Europe.

PAKISTANIS IN THE U.A.E.

Although there are other more numerous foreign communities in the United Arab Emirates, the quarter of a million Pakistanis who make their home in the country occupy a special place in the hearts and minds of the people of the UAE and their leaders. Pakistani workers, engineers, accountants, doctors and teachers have played a key role in the development process that has been so vital to the well-being of the UAE people. The bonds of kinship, a common history and religion between the UAE and Pakistan ensure that neither people feel strange on the other's soil nor are they treated as strangers. This mutual respect, trust and regard between two brotherly people is reflected in the excellent relations between the guest and the host communities. The people of the Emirates greatly value the skill, diligence and integrity of Pakistani workers and colleagues while Pakistani expatriates give of their best to their hosts and employers. Thousands among the community trace their arrival in the UAE before the formation of the federation. Many have spent a lifetime in the country which they consider their own home. Like all the other expatriate communities, Pakistanis in the UAE enjoy an unfettered way of life, free, within the ambit of UAE laws, to live according to the dictates of their culture and to follow many of the traditions they practice in their own country. It is a measure of the affinity that exists between the UAE and Pakistani people that Urdu is widely understood by the former while the importance given to Pakistani sensibilities is evident from the fact that many signs and notices at public places are often duplicated in Urdu.

Continued On Page No. 40

عالی مرتبت شیخ زید بن سلطان النہیان صدر متحدہ عرب امارات وحاکم ابوظہبی

exports from the UAE reached Dh. 780 million in 1991, from 640 million in 1990, 675 million in 1989 and 524 million in 1988. Imports from Pakistan were respectively for the years Dh. 670 million, 475 million and 457 million.

The trend towards healthy growth, defying the current worldwide recessionary patterns, continues in UAE-Pakistan trade with a 19% increase in overall Pakistani exports.

The UAE contribution to Pakistani economic prosperity is not confined to projects in Pakistan, important though they are. The Products of Pakistani enterprise get healthy and prolonged exposure at international trade and industry fairs which take place in the UAE throughout the year attracting buyers from all over the world. Pakistan officially participated in last year's Dubai Spring Fair and later in a textile garments and fashion exhibition, also in Dubai. Pakistani exhibitors who did remarkably well in the shows are expected to return this year.

